کیچ

2006



گورنمنٹ عطاشاد ڈگری کالج و گرلز ڈگری کالج تربت

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

پیغام

بلوچستان کو یقیناً ایسے نوجوانوں کی ضرورت ہے جو مستقبل کی مسابقت پر گہرائی کے ساتھ نظر رکھیں۔ دنیا تبدیل ہورہی ہے۔ معاشی، سماجی اور اجتماعی حوالوں سے بین الاقوامی لغت میں تبدیلیاں رونما ہورہی ہیں۔ زندگی تیز گام ہوتے ہوئے انسانیت کے سامنے نئے سوال ابھار رہی ہے۔ معاشی اور ہمہ جہتی اقتصادی مسابقت و مفاہمت نے ہمیں نئے اقدامات کے روبرو کردیا ہے۔ ہمیں اس حقیقت سے بخوبی آشنا ہونا چاہئے کہ معاشی ترقی کے نتیجے میں سماجی تبدیلی کا عمل متاثر ہوتے ہوئے قدامت و جدت کے مابین جاری مناقشے میں تیزی و تندی کا موجب بنتا رہا ہے۔ بین الاقوامی تعلقات کی نوعیت میں بدلاؤ آرہا ہے۔ تصور و خیال کے نئے افق فکر و نظر کی نئی تبدیلیوں کا تقاضا لئے ہوئے ہیں۔ نئی نسلوں کا سفر گزرتے ہوئے لمحوں، ایام مہہ و سال کے ساتھ دشوار ہوتا جارہا ہے۔ اجتماعی و اخلاقی اقدار اور انسانوں کے بیچ رویوں کی بنیادیں نئے سوالات کی زد میں ہیں اور نئی تہذیبوں کے مابین ٹکراؤ و مفاہمت کا مکالمہ وژن و نتائج تک رسائی کی نئی قوت کا تقاضا لئے ایک اہم اور بڑے سوالیہ نشان کی طرح ہمیں دعوت تحقیق و جرات دے رہا ہے۔ تردد کی گنجائش کیلئے زمین زیادہ وسیع نہیں رہی۔ ایسے میں نوجوان نسل کو فکر و الہام کی باریکیوں سے آشنا ہوتے ہوئے اپنے راستوں کا انتخاب کرنا ہے۔ ہمیں اس حقیقت کو سمجھ لینا چاہئے کہ اہداف کے تعین میں تاریخی مغالطوں کی گنجائش کا ہمیشہ امکان رہتا ہے۔ اس لئے رد و قبول کے نئے زاویوں کو زیر نظر رکھتے ہوئے بھٹکاؤ کے امکان کیلئے کم سے کم گنجائش چھوڑنی چاہئے۔

ہمیں معلوم ہے کہ ہمارے ہمہ جہتی مسائل ہماری ہم نوعیتی استعداد کے مقابلے میں دیو قامت ہیں۔ لیکن یہ انسان ہی تو ہے جو اضداد کے بیچ سے ہوکر روشنی کیلئے نئے راستے تلاش کرتا ہے۔ ہمارے نوجوان امکان کی کمی کے سبب استعداد کے بڑھاوے تک نہیں پہنچ پاتے ہیں۔ ہماری کوشش ہے کہ ہم اپنی خامیوں، کمزوریوں، ناکامیوں اور نامرادیوں کا عمیق تجزیہ کرتے ہوئے حقائق کی کسوٹی پر اپنے ادراک کی بنیاد رکھیں۔ ہمیں ابھرنے والے نئے سوالات پر غور کرنا چاہئے اسکے جواب تلاش کرنے چاہیے۔ مکالمے اور مباحثے دلیل و استدلال کے ذریعے منطقی نتائج تک پہنچنا چاہئے۔ ہمیں یقین ہے کہ ''کیچ'' تاریخی سچائیوں کے مستقبل کی تاریخ کے حوالے سے صرف ماضی پرستی کے رجحان کا موجب نہیں بنے گا بلکہ یہ نوجوان طلبہ کی ذہنی بالیدگی، بلوغتِ فکر و نظر اور ادبی و روحانی استعداد کو بڑھانے کا ذریعہ بنے گا اور جہد بقا کے رویوں کو انسان دوستی کے ساتھ جوڑتے ہوئے وسعت قلب و نظر کا درس دیگا۔ ہمارے خیال کو ہماری پسماندگی سے مفاہمت نہیں کرنی چاہئے کہ ہمارا مستقبل نئے افق سے وابستگی کا تقاضا ہمیں نئی مسابقت کے روبرو کئے ہوئے ہے اور ہمیں یقین ہے کہ ''کیچ'' بہت پر پیچ سوالوں کی گتھی کو سلجھانے میں عمیق گہرائی و گیرائی کے ساتھ اپنا کردار ادا کریگا۔

جام محمد یوسف

وزیر اعلیٰ بلوچستان

Downloaded from Atta Shad College Digital Library



پیغام

میرے لئے یہ امر نہایت خوشی کا باعث ہے کہ گورنمنٹ عطا شاد ڈگری کالج اور گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج تربت مشترکہ طور پر ''کیچ میگزین'' کی اشاعت کا اہتمام کر رہے ہیں۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ آج کے سائنسی دور میں نصابی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ غیر نصابی اور ہم نصابی سرگرمیوں کو بڑی اہمیت حاصل ہے کیوں کہ ان سرگرمیوں کی بدولت طلباء میں عزم، اعتماد اور قائدانہ صلاحیتیں نمو پذیر ہوتی ہیں۔ مجھے یقین ہے کہ کیچ میگزین طالب علموں میں تخلیقی جوہر نمایاں کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے اندر مثبت اور تعمیری سوچ پیدا کرنے کا باعث بھی بنے گا۔

یہاں اس امر کا اظہار کرتے ہوئے میں خوشی محسوس کرتا ہوں کہ ہماری ضلعی حکومت نے جہاں ضلع بھر کی تعلیمی ترقی میں بھرپور کردار ادا کیا ہے۔ وہاں گورنمنٹ عطا شاد ڈگری کالج اور گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج دونوں کی ترجیحی بنیادوں پر مالی معاونت کی ہے۔ ہم ان شاءاللہ آئندہ بھی ان دونوں اداروں کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ میں کیچ میگزین کے ادارتی بورڈ اور پرنسپل صاحب کو میگزین کی اشاعت پر دلی مبارک باد پیش کرتا ہوں۔

میر عبدالروف رند

ضلع ناظم کیچ

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

پیغام

علم انسان کو اس کے ہستی کا شعور دیتا ہے اور ادب اس کے شخصیت اور کردار کی تعمیر کرتا ہے۔ادب وہ آئینہ ہے جو معاشرہ کے روپ سنگھار میں مرکزی کردار ادا کرتا ہے۔حرف کی حرمت اور کتاب دوستی کے بغیر ایک قابل رشک معاشرہ کی تعمیر و تکمیل کا تصور تک نہیں کیا جا سکتا۔معراجِ انسانیت کا خواب علم و ادب کی بدولت ہی شرمندہ تعبیر ہو سکتا ہے۔

ہمارے تعلیمی ادارے طلباء کو زیور علم سے آراستہ کرنے کے ساتھ ساتھ ادب کے ذریعے ان کی شخصیت اور کردار کی تعمیر کا فریضہ سرانجام دے رہے ہیں۔مختلف تعلیمی اداروں کے ادبی رسائل اور مجلوں کی اشاعت اسی سلسلے کی کڑیاں ہیں۔گورنمنٹ ڈگری کالج عطا شاد کیچ کا ادبی مجلّہ ''کیچ'' اسی تسلسل کا حصہ ہے۔میں ''کیچ'' کی اشاعت پر کالج کے پرنسپل، اساتذہ کرام اور طلباء کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے مستقبل میں بھی اس اہم دیرینہ روایت کو برقرار رکھنے کی امید رکھتا ہوں۔

☆☆

(پروفیسر امان اللہ مینگل)

ڈائریکٹر کالجز ہائیر اینڈ ٹیکنیکل

ایجوکیشن بلوچستان کوئٹہ

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

کیچ

2006

گورنمنٹ عطا شاد ڈگری کالج تربت

گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج تربت

نگران اعلیٰ

پروفیسر عبدالرزاق خان

پرنسپل گورنمنٹ عطا شاد ڈگری کالج وگرلز ڈگری کالج تربت

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

بسم اللہ الرحمن الرحیم

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

مجلس ادارت

سرپرست اعلیٰ	پروفیسر عبدالرزاق خان
مدیر اعلیٰ	پروفیسر سربلند خان
معاون مدیر	پروفیسر برکت اسماعیل
مدیر اردو	پروفیسر باقر علی شاکر
معاون مدیر	پروفیسر سید آصف شیرازی
مدیر انگریزی	پروفیسر محمد انور قاضی
معاون مدیر	پروفیسر برکت اسماعیل
مدیر بلوچی	پروفیسر غفور شاد
معاون مدیر	پروفیسر ندیم اکرم

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

فہرست

حصہ اردو

نام مضمون	مصنف	صفحہ نمبر	نام مضمون	مصنف	صفحہ نمبر
وادی کیچ	محمد انور قاضی	9	امتحان اور مطالعہ	نذیر فتح	14
علم کے بارے میں	مہوش مولا بخش	15	اندھیرا اجالا	امجد حبیب	16
کارآمد باتیں	رخسانہ عارف	19	زندگی	سمیرہ محمد رضا	20
علم کی فضیلت	عائشہ نسیم	21	تعلیم سب کیلئے	شاہ زیب	21
علم کی روشنی	سکینہ حاجی مراد	22	آج کے نوجوان	ہیبتان بشیر رند	23
کتاب بہترین ساتھی	شہناز غلام محمد	24	یہ دنیا امتحانگاہ	منیر احمد	25
اسلام میں صفائی	زہرہ جبین	26	دینی مدارس	پروفیسر صلاح الدین	27
معاشرتی خرابیاں	عبدالرشید	30	فضیلت علم	محمد رحیم	31
ایڈیسن	نسیم دشتی	32	مسلمان کا عقیدہ	موزل ملنگ شاہ	33
اسلام اور احترام آدمیت	پروفیسر ندیم اکرم	34	زندگی کیا ہے	اورنگ زیب	36
اوزون گیس	پروفیسر خلیل الرحمٰن	37	ضمیر کی آواز	اعجاز احمد	38
سیکرٹری تعلیم کا دورہ	پروفیسر برکت علی	39	حسن ادب	پروفیسر باقر علی شاکر	40
کلام اقبال	پروفیسر آصف شیرازی	43	اساتذہ کے نام	خالد الرحمٰن	45
غزل	پروفیسر ندیم اکرم	46	غزل	پروفیسر امان اللہ ساجد	47
غزل	پروفیسر باقر علی شاکر	48	غزل	عطا شاد	49
عطا شاد کالج کے نام	خالد الرحمٰن	50	خیال اچھا ہے	پروفیسر آصف شیرازی	51

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

سرپرست اعلیٰ وایڈیٹرانچیف پروفیسر عبدالرزاق خان
پرنسپل گورنمنٹ عطاشاد ڈگری کالج وگورنمنٹ گرلز ڈگری کالج تربت

Downloaded from Atta Shad College Digital Library



پروفیسر سربلند خان مدیر اعلیٰ

پروفیسر غفور شاد مدیر بلوچی

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

پروفیسر ظہیر احمد (بیالوجی)، پروفیسر واحد بخش (کیمسٹری)، پروفیسر محمد داؤد (کیمسٹری)

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

کمپیوٹر ڈیپارٹمنٹ

کلاس روم کمپیوٹر ڈیپارٹمنٹ

Downloaded from Atta Shad College Digital Library



لائبریرین محمد یونس

طلباء مصروفِ مطالعہ

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

گورنمنٹ عطا شاد ڈگری کالج کی عمارت کے مختلف حصے

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

تقریب تقسیم انعامات

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

فٹ بال ٹیم عطاشاد ڈگری کالج تربت

فٹ بال گراؤنڈ عطاشاد ڈگری کالج تربت

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

اداریہ

کیچ میگزین کا تازہ شمارہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ جس میں ہمارے اساتذہ کرام طلبا و طالبات کی تخلیقات شامل اشاعت ہیں۔
طلباء و طالبات چونکہ زندگی کے اس دور میں نو آموز ہوتے ہیں اس اعتبار سے ان کی کاوش قابلِ ستائش ہے۔

یہ ایک تسلیم شدہ حقیقت ہے کہ ہر تخلیق کار نہایت حساس ہوتا ہے۔ احساس سے عاری لوگ کبھی تخلیقی کارنامہ سرانجام نہیں دے سکتے۔
یہ بھی حقیقت ہے کہ تخلیقی عمل نہایت کٹھن اور جان جوکھوں کا کام ہے۔ اس راہ میں قدم رکھنے والے لوگ بڑے باہمت ہوتے ہیں۔ اس اعتبار سے ہمارے نو آموز طلبا و طالبات بڑے باہمت ہیں کہ انہوں نے منزل کی جانب پہلا قدم اٹھایا ہے۔

ہمارا تعلق تدریس کے عظیم شعبے سے ہے اور ہمارے اداروں سے مستقبل کے معمار پیدا ہوتے ہیں، لیکن تعلیمی اداروں کا کام محض نصابی سرگرمیوں تک محدود نہیں ہے، بلکہ غیر نصابی سرگرمیاں بھی خاص اہمیت کی حامل ہیں۔ تحقیقی نوعیت کی غیر نصابی سرگرمیوں کے ذریعے ہم طلبہ کو سماج کا باشعور اور فعال انسان بنا سکتے ہیں۔

تاریخ گواہ ہے کہ کیچ کی سرزمین علمی اور ادبی حوالے سے کبھی پیچھے نہیں رہی ہے۔ زندگی کے ہر شعبے میں اور ہر دور میں کیچ سے نامور لوگ پیدا ہوئے ہیں۔

ڈگری کالج کی خوش نصیبی رہی ہے کہ اس کے قیام سے لیکر آج تک اسے اچھے اساتذہ منتظم اور تجربہ کار پرنسپل صاحبان کی خدمات حاصل رہی ہیں۔ اس ادارے کے ہزاروں فارغ التحصیل طلبا زندگی کے مختلف شعبوں میں خوش اسلوبی سے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔

کیچ میگزین کے معیار کے بارے میں عرض ہے کہ ہماری پوری کوشش رہی ہے کہ زیادہ سے زیادہ معیاری علمی اور مفید مضامین شامل اشاعت کیے جائیں۔ اس سلسلے میں ہم کہاں تک کامیاب ہوئے ہیں یہ قارئین کی رائے سے اندازہ ہو سکے گا۔

ہماری یہ گزارش ہے کہ قارئین ہماری کوتاہیوں اور خامیوں کی نشاندہی کریں تاکہ آئندہ اشاعت کو مزید بہتر بنایا جاسکے۔

میگزین چھاپنا ایک مشکل صبر آزما اور وقت طلب کام ہے، مگر میں نے اس سلسلے میں اپنے کو کبھی تنہا محسوس نہیں کیا۔ اس سلسلے میں ایڈیٹوریل بورڈ کے جناب پروفیسر باقر علی شاکر، جناب پروفیسر محمد انور قاضی اور جناب پروفیسر عبدالغفور شاد کا ان کی معاونت پر تہہ دل سے مشکور ہوں۔ ان کے علاوہ جملہ اساتذہ کرام اور خاص طور سے جناب پروفیسر ندیم اکرم اور جناب پروفیسر برکت علی کا بھی مشکور ہوں کہ انہوں نے کیچ میگزین کی اشاعت میں بھرپور کردار ادا کیا۔

یہ بجا طور پر ایک ٹیم ورک تھا اور ہماری ٹیم کے ہر ساتھی نے اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے پوری کرنے کی کوشش کی ہے۔

آخر میں محترم پرنسپل جناب پروفیسر عبدالرزاق خان صاحب کی حوصلہ افزائی کا تہہ دل سے معترف ہوں کہ مختصر وقت میں ان کی شب و روز کی محنت سے میگزین وقت پر شائع ہو سکا۔

پروفیسر سر بلند خان بلوچ
چیف ایڈیٹر

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

ایڈیٹر کی رائے

کیچ میگزین کا تازہ شمارہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔اس مرتبہ کیچ میگزین کی اشاعت کا وقفہ قدرے طویل ہوگیا۔جس کی وجہ مالی مشکلات رہیں۔ جونہی ادارہ مالی اعتبار سے اس قابل ہوا کہ میگزین کی اشاعت ممکن ہو سکے تو یہ شمارہ منصۂ شہود پر آ گیا۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ ہماری نئی نسل میں تخلیق کی بے پناہ صلاحیت موجود ہے انہیں مناسب رہنمائی کی ضرورت ہے۔ کیچ میگزین کی اشاعت کا بنیادی مقصد طلبا و طالبات میں مستور تخلیقی و تحقیقی جوہر کو اجاگر کرنا ہے۔اس شمارے کے مطالعہ سے یقیناً آپ کو احساس ہوگا کہ ہمارے طلبا و طالبات جوہرِ علمی سے مالا مال ہیں۔انہیں صرف اظہار کے لئے مناسب پلیٹ فارم کی ضرورت ہے۔ ہماری یہ ناچیز سعی در حقیقت طلبا و طالبات کو ایسا ہی پلیٹ فارم مہیا کرنا ہے۔

اس شمارے میں کوشش کی گئی ہے کہ زیادہ سے زیادہ مفید اور معلوماتی مضامین شاملِ اشاعت کئے جائیں۔اس میں ہم کہاں تک کامیاب ہوئے ہیں۔اس کا اندازہ آپ کی آراء سے ہو سکے گا۔

پروفیسر باقر علی شاکر

ایڈیٹر شعبہ اردو

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

وادیِ کیچ: تاریخ کے جھروکوں سے

محمد انور قاضی لیکچرار انگلش

کیچ کی وادی مشرقی جانب ہوشاپ سے شروع ہو کر کوہ وسطی مکران اور کوہ ساحلی مکران کے درمیان مغربی جانب جر بک تک پھیلی ہوئی ہے اور کہا جاتا ہے کہ قدیم زمانے کوہ وسطی مکران اور ساحلی مکران کے درمیان کا مکمل علاقہ یعنی کولواہ، آواران تا مند بلکہ پیشن (ایرانی مکران کا سرحدی گاؤں) کا علاقہ کیچ کے نام سے موسوم تھا۔ تاہم قدیم مورخوں کے مطابق یہ پوری وادی کیچ مکران کے نام سے مشہور تھی کیونکہ اسی علاقے سے متصل سرحد پار ایرانی بلوچستان کے علاقے کو بھی مکران کہا جاتا تھا۔

وادی کیچ تاریخ کے جھروکوں سے: سب پہلے سکندر اعظم کے دور میں ہم تاریخی طور پر مکران کے علاقے سے روشناس ہوتے ہیں۔ جب قسمت کا دھنی سکندر اعظم ہندوستان کے بادشاہ راجہ پورس کو شکست دیکر ہندوستان کے دوسری چھوٹی ریاستوں کو روندتے ہوئے مکران کے ساحلوں اور وادی کیچ کے کنارے گذرتے ہوئے ایران جاتے ہیں۔ مورخوں کے مطابق اس مہم جوئی میں سکندر اعظم کو جو سفری مشکلات پیش آئیں، ہندوستان کی جشن فتح اور کامرانی کو اس سفر بلکہ مہم نے خاک میں ملا دیا گو کہ مکران کیچ میں کسی نے کوئی خاص مزاحمت نہیں کی۔ تاہم سکندر کے لشکر کا بیشتر حصہ بمعہ ہاتھیوں و بوجھ اٹھانے والے جانوروں اور شاہی خزانے سمیت بری طرح تباہ و برباد ہوا خود سکندر اعظم کے لئے یہ مہم جان لیوا ثابت ہوئی اور جیسا کہ مؤرخوں نے لکھا کہ اپنے ملک یونان جاتے ہوئے ایرانی بلوچستان کے ساحلوں پر وہ ملیریا کی وجہ سے جان بحق ہوا اور یہ واقعہ حضرت مسیح کی پیدائش سے تین سو بارہ سال پہلے وقوع پذیر ہوا۔ سکندر اعظم کی ناگہانی موت کے بعد اس کی وسیع و عریض سلطنت اور مقبوضہ جات اُ کے جرنیلوں کے قبضے میں آئے اور کوئی بارہ سال بعد سکندر اعظم کا مشہور جرنیل نیکیٹر Nakator جو وسطی اور مرکزی ایشیا کا حکمران تھا اور اسکی سلطنت کی مشرقی سرحدیں ہندوستان کی سرحدوں سے ملتی تھیں۔ ہندوستان، ہی کے راجہ چندر گپت سے شرمناک شکست کھا کر مکران اور کیچ کی وادی راجہ چندر گپت کے حوالے کرنے پر مجبور ہوا۔ یہ علاقہ کئی صدیوں تک تاریخی طور پر نظروں۔ سے اوجھل رہا اور پانچویں صدی عیسوی میں مکران اور کیچ کی وادی تاریخی طور پر ایک بار پھر ظاہر ہوتے ہیں۔ اس زمانے میں ہندوستان کے راجہ شرما ملک اپنی بیٹی کو بہرام گور کے عقد میں دیتے ہیں یہ واقع اندازاً ۴۴۰ء عیسوی میں ہوا۔ بہرام گور ساسانی سلطنت کے چودھویں بادشاہ تھے شرما ملک نے اپنی بیٹی کو جہیز میں مکران اور وادی کیچ بطور تحفہ دیا اور اگلی دو صدیوں تک مکران اور کیچ کی وادی بہرام گور کی ساسانی سلطنت میں شامل رہی، کیونکہ وادی کیچ مکران تاریخی طور پر ۶۲۸۔۵۹۱ء تک کیخسرو شاہ ساسانی سلطنت کا حصہ تھی۔ اسی دوران سندھ میں برہمن بادشاہ راجہ چچ بن سیلاچ ۴۴۔۶۳۵ء وادی کیچ پہنچا تا کہ اپنی سلطنت کے سرحدوں کو کیچ مکران تک متعین کر سکے۔

پیغمبر حضرت محمد ﷺ کی وفات کے بعد حضرت عمرؓ کے دور حکومت میں جب ایران فتح ہوا عرب جرنیل کیچ مکران کی طرف متوجہ ہوئے۔ حضرت عمرؓ کے دور خلافت کے آخری سالوں یعنی ۶۴۳۔۶۴۴ کیچ مکران کا حاکم ملک سعد تھا۔ اس نے حاکم سندھ کے تعاون سے عربوں کے حملے کے جواب میں سخت مزاحمت کی تاہم ایک عرب جرنیل نے فوراً ایک قاصد کے ذریعے کیچ مکران کے بارے میں خلیفہ وقت حضرت عمرؓ کو ایک خط لکھا

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

جس کے مندرجات کچھ ایسے تھے، ''مسلمانوں اور ایمان والوں کے کمانڈر حضرت عمرؓ کے نام اے خلیفہ میں کیچ مکران کے بارے کیا لکھوں یہ ایک ایسا علاقہ ہے، جس کے پہاڑ تو حقیقت میں پہاڑ ہیں، لیکن اسکے میدان کسی صورت اس کے پہاڑوں سے کم نہیں یہاں پانی نایاب اور اس علاقے کی کھجوریں اور پھل بدذائقہ ترین، یہاں کے لوگ جنگجو اور لڑاکو، یہاں اگر آپ کم فوج رکھیں گے تو یہاں کے مقامی انہیں مار ڈالینگے اور اس کے بر عکس زیادہ فوج یہاں ٹھہرائینگے تو یہ فوج بھوک اور خوراک کی عدم دستیابی کے سبب ختم ہو جائیگی اور اس علاقے سے آگے کا خطہ اس سے بھی بدتر''۔ اپنے علاقائی عرب کمانڈر کی رپورٹ کے بعد حضرت عمرؓ نے اپنے حکام اور جرنیلوں کی سندھ کو فتح کرنے کے منصوبے کی حوصلہ افزائی نہیں کی اور انہیں آگے بڑھنے سے روکنے کے لئے ہدایات جاری کیں۔

فردوسی اپنی کتاب شاہنامہ میں کیچ مکران کا ذکر کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ وادی کیچ، ایرانی اور تورانیوں کے درمیان ہر وقت میدان جنگ رہا ہے اور وادی کیچ ایرانی بادشاہ کیکاؤس کی سلطنت کا ایک حصہ رہا ہے اور اس کے بعد تورانی سلطنت کا ایک صوبہ رہا ہے اور بادشاہ افراسیاب کے دور حکومت میں یہ علاقہ تورانی سلطنت کا ایک صوبہ رہا ہے۔ کیخسر وشاہ ایران نے تورانی بادشاہ افراسیاب کو پانچ لگا تار جنگوں کے بعد شکست دیکر اس علاقے کو دوبارہ اپنی سلطنت میں شامل کر لیا۔

تاریخ سے بھی پتہ چلتا ہے کیخسر وشاہ ایران وادی کیچ کو دوبارہ اپنی سلطنت میں شامل کرنے کے بعد اس علاقے میں رہا اور اس دوران اس نے وادی کیچ میں زراعت کو ترقی دینے کے لئے اپنے ملک ایران سے ماہر زراعت وارضیات منگوائے اور یہاں انہیں بسایا اور وہ جب دوبارہ ایران گیا تو وادی کیچ کے لئے اپنا نائب اشکاش نامی شخص کو بطور والی مقرر کر دیا اور اشکاش ہی نے وادی کیچ (تربت) میں دو کاریزات بنام کوسی اور خسوری تعمیر کروائیں جس سے تربت اور قرب و جوار کی زمینیں اور باغات سیراب ہوتے تھے صدیاں گذرنے کے باوجود ۱۹۷۰ء تک یہ کاریزات باقاعدہ طور پر بہتی تھیں تاہم آج کل وہ مکمل طور پر سوکھ چکی ہیں اور لوگوں نے ان کاریزات پر مکانات تعمیر کئے ہیں۔

شاہنامہ میں ایک اور ایرانی بادشاہ بہمن کا بھی ذکر ہے جو وادی کیچ میں رہا۔ تاریخ کے مطابق بہمن بادشاہ اسفندیار کا فرزند تھا اور اسی بہمن بادشاہ کی بہت سی باقیات آج بھی وادی کیچ میں موجود ہیں۔ ان میں سے ایک پتھروں کا ٹیلہ جسے مقامی لوگ ''بہمنی ڈمب'' کہتے ہیں تربت کے مغرب میں چار پانچ میل کے فاصلے پر ہے۔ تاریخی روایتوں کے مطابق بہمن بادشاہ کی موت تربت کے مشرقی جانب آپسر کے مقام پر ہوئی۔ تاریخی شہادتوں کے مطابق بادشاہ بہمن بادشاہ افسانوی شخصیت رستم کے نواسے بارزن کے ساتھ آپسر کے گھنے جنگلوں میں شکار کھیل رہا تھا اسی دوران ایک عفریت یعنی بلا (Dragon) نے اسے نگل لیا۔ بارزن نے بہمن بادشاہ کو نگلتے ہوئے دیکھا تھا چونکہ بہمن بادشاہ بارزن کسی جنگ میں شکست دیکر جنگی قیدی بنایا گیا تھا تاہم اپنی گرفتاری کے وقت بارزن نے یہ قول قرار کیا تھا کہ وہ اب کبھی بھی بادشاہ بہمن کی موجودگی میں تلوار نہیں چلائیگا۔ چنانچہ جب عفریت نے بادشاہ بہمن کو نگل لیا تو بارزن نے تلوار سونت لی اور اس بلا کو یہ کہتے ہوئے ہلاک کیا کہ میں نے اپنے قول کے مطابق بہمن سے بھی اپنا انتقام لے لیا اور اس بلا سے بھی بہمن بادشاہ کو نگلنے کے عوض اسے مار کر بدلہ لے لیا۔ بارزن کے یہ کہے ہوئے الفاظ آج بھی بلوچی کلاسیک شاعری میں ملتے ہیں۔ شاہنامہ کے مطابق وادی کیچ پر ایرانی بادشاہوں کیکاؤس، کیخسرو، لہراسپ، گشتاسپ، بہمن، ہما اور دراب نے حکومت کی۔

دسویں صدی عیسوی میں ابن حوقل کے مطابق کیچ مکران کا حاکم ایک عرب عیسیٰ بن مدان تھا جس کی حکومت کا دارالخلافہ کیز (Kiz) تھا اور اس شہر کی آبادی اس وقت کے ملتان کی آبادی کے نصف کے برابر تھی۔ مشہور سیاح مارکو پولو بھی کیچ مکران کے بارے اپنے سفرنامے میں ذکر کرتا

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

ہے اور بتاہے یہاں کے لوگ مچھلی کھانے کے بڑے شوقین اور ان میں سے بہت سے بت پرست ہیں۔

اگلے تقریباً سات صدیوں تک وادی کیچ مکران عارضی طور پر مختلف بیرونی حملہ آوروں اور سلطنتوں کے زیرنگین رہا۔ایک حکمران یا سلطنت کے بعد دوسرا لیکن یہ تمام عرصہ مختصر رہا اندرونی طور پر یہ علاقہ نیم خودمختاری کے مزے لوٹتا رہا۔لیکن نصیر خان اول کے دور حکومت ۱۷۵۰۔۹۳-۴ میں اسکی آدھی آمدنی بطور خراج خان قلات وصول کرتے رہے۔مقامی روایتوں کے مطابق اس دوران کیچ مکران میں سب سے پہلے ہوت خاندان نے حکومت کی اسکے بعد کچھ عرصہ رندوں کا حکم چلا، پھر ملک خاندان اقتدار میں آئے اور اسکے بعد کچھ عرصہ بلیدیوں نے حکومت کی اور آخر میں گچکی خاندان نے وادی کیچ کی حکومت بلیدیوں سے چھین لی۔اوپر ذکر کیئے ہوئے دو خاندانوں یعنی ہوت اور رند خاندانوں کی حکومت کے بارے ہمیں تاریخ سے مفصل حالات معلوم نہیں بس اتنا پتہ چلتا ہے کہ ہوت خاندان نے عربوں سے غالباً کیچ مکران کی امارت چھین لی اور اس کے بعد کچھ عرصے تک رند حکمران رہے۔ابتدائی ملک خاندان کے بارے جو شہادتیں دستیاب ہیں ان کے مطابق وادی کیچ میں پہلا ملک حاکم تاج الدین تھا اور اس زمانے میں ہندوستان میں غوری خاندان کا بادشاہ غیاث الدین تھا۔جس نے ہندوستان پر ۱۱۵۷ء سے لیکر ۱۲۰۲ء تک حکومت کی، نیز مؤرخوں کا یہ بھی خیال ہے کہ ہوت اور رند خاندانوں نے گیارویں اور بارویں صدی کے درمیانی عرصے میں کیچ مکران میں باری باری حکومتی انتظام سنبھال لیا۔اسی طرح وادی کیچ جو بیرونی حملہ آوروں یا سلطنتوں کا حصہ رہی ان میں سلجوق،غزنوی،غوری اور منگول حکمران شامل تھے درحقیقت کیچ مکران کی قسمت کا بیشتر حصہ کرمان کے ساتھ وابستہ رہا،لیکن وادی کیچ مکران تاریخی طور پر کسی دور میں مغل سلطنت دہلی کا حصہ کبھی بھی نہیں رہا۔

خان قلات خان نصیر خان اول کے دور حکومت میں وادی کیچ کے علاقوں پر کئی بار حملہ کیا گیا اور ان دنوں وادی کیچ میں ملک دینار کی حکومت تھی۔خان قلات کے لشکر نے وادی کیچ پر حملہ کردیا اور ملک دینار کو قیدی بنا کے قلات لے گئے اور پھر وہاں پر انہیں بیدردی سے ہلاک کیا گیا۔ملک دینار کا جانشین اسکا بیٹا شہ عمر چونکہ ذکری عقیدہ چھوڑ کر مسلمان یا نمازی بن گیا تھا لہٰذا وہ خان قلات کا چہیتا بن گیا اور نصیر خان اول کو پہلی بار معلوم ہوا کہ مقامی حاکموں کے تعاون کے بغیر وہ کیچ مکران پر حکومت نہیں کرسکتا دوسری طرف کیچ مکران کے مقامی حکمرانوں نے یہ تلخ حقیقت تسلیم کرلی کہ خان قلات کی مدد واعانت کے بغیر ذکری عوام پر وادی کیچ میں حکومت نہیں کرسکتے (چونکہ اس زمانے میں ذکری عقیدے سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی تعداد کیچ مکران میں نمازیوں کی تعداد سے زیادہ تھی) لہٰذا گچکیوں اور خان قلات کے مابین یہ معاہدہ طے پایا کہ کیچ مکران کی آدھی آمدنی خان قلات کو بطور خراج دی جائے اور اسکے عوض خان قلات کیچ مکران کے علاقے میں گچکیوں کی حق حاکمیت کو تسلیم کرلینگے،تاہم شہ عمر جلد ہی بلیدیئوں کے ہاتھوں مارے گئے۔وادی کیچ کی روز بروز بگڑتی ہوئی صورت حال کو بھانپتے ہوئے خان قلات نے وادی کیچ پر تین مزید حملے کئے اور اس تمام علاقے کو تاراج کردیا اور اپنی ریاست مزید دریائے میناب کے کنارے تک یعنی ملکی چیدگ (Malik Cairn) تک وسعت دی۔مگر گچکیوں نے وقتاً فوقتاً اپنے علاقے کیچ مکران میں خان قلات کی حاکیت کو چیلنج کیا اور میر محمود خان کے دور حکومت میں تھوڑے عرصے کے لئے وہ بلاشرکت غیرے کیچ کے حکمران بن گئے۔لیکن ۱۸۱۶-۱۷ء میں جب میر محراب خان ریاست قلات کے خان بن گئے اور انہوں نے گچکی حاکموں کا زور توڑنے کے لئے اپنا نائب یا ناظم کیچ مکران میں مقرر کردیا۔۱۸۳۱ء شہ قاسم گچکی حاکم نے آخری کوشش کے طور خان قلات کے نائب/ناظم کو قتل کروادیا۔خان محراب خان نے آخر کار سردار فقیر محمد بیزنجو وادی کیچ میں اپنا نائب اور ناظم مقرر کردیا۔۱۸۳۸-۳۹ میں حاجی عبدالنبی خان قلات کی طرف سے وادی کیچ کے حالات کا جائزہ لینے وادی کیچ پہنچے تو میر فقیر محمد بیزنجو ناظم کیچ موجود تھے۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

سردار فقیر محمد بیزنجو بطور نائب/ ناظم ریاست قلات چالیس برس سے زیادہ وادی کیچ میں رہے۔ موصوف ایک مدبر اور لائق انسان تھے، انہوں نے کیچ میں گچکی خاندان میں شادی کی اور گچکیوں سے اپنے تعلقات کو بڑھایا۔ چنانچہ اس طرح انہوں نے ایک تیر سے دو شکار کئے۔ خان قلات کی حاکمیت کو تسلیم کروایا اور گچکیوں میں بھی مقبول ہوئے۔

پہلی افغان جنگ کے دوران کیچ مکران انگریزوں کی توجہ کا مرکز بنا اور پہلی بار خان قلات اور میجر لیچ Major Leech کی ہدایات پر حاجی عبدالنبی کیچ مکران کے حالات کا جائزہ لینے کے لئے یہاں آئے جسکا ذکر پہلے بھی آچکا ہے۔ کیچ مکران کی اہمیت ایک بار پھر بڑھی جب انڈو یورپین ٹیلیگراف لائن Indo European Telegraph line بچھانے کا منصوبہ بنایا گیا تو میجر گولڈ سمڈ Major Gold Smid کی سربراہی میں ایک ٹیم ۱۸۶۱ میں مکران اور کیچ روانہ کردی گئی تا کہ وہ اس بات کا جائزہ لیں کہ یہ ٹیلیگراف لائن مکران اور کیچ کے کس کس علاقے بچھائی جائے اور وہ علاقے جہاں جہاں مجوزہ ٹیلی گراف لائن کو بچھایا ہے وہ علاقے کونسے حاکم/ سردار/ میر/ معتبر یا کہدہ کے عملداری میں آتے ہیں تا کہ وہ بااثر شخصیت اپنے علاقے میں ٹیلی گراف لائن کی حفاظت کا ذمہ اٹھالیں اور اس کے عوض انگریز حاکم انہیں معقول وظیفہ اور اسلحہ دینگے۔ میجر گولڈ سمڈ کی تحقیقات کے نتیجے میں اس بات کا انکشاف ہوا کہ ایران وادی کیچ کے متصل علاقوں میں اپنی سرگرمیاں بڑھا رہا ہے، مزید یہ کہ ایران مسلسل مشرقی جانب وادی کیچ کے علاقوں کی طرف بڑھ رہا ہے۔ ۱۸۶۹ء میں ایرانی حکومت نے مشرق کی طرف پیش قدمی کرتے ہوئے وادی کیچ سے متصل علاقہ "پیشن" پر بمپور کے بلوچ حاکم ابراہیم خان کی مدد سے قبضہ کرلیا، مگر انگریز حکومتِ ہندوستان نے خان قلات کی طرف سے مداخلت کی اور ایرانی پیش قدمی رکوادی۔ اس کے بعد برطانوی ہند حکومت، خان قلات اور ایرانی حکومت کے درمیان سہ فریقی مذاکرات ریاست قلات اور ایرانی بلوچستان کے سرحدوں کا تعین کرنے کے لئے بلائی گئی اور آخر کار بڑی مشکلوں کے بعد ستمبر ۱۸۷۲ء میں دونوں ملکوں کے سرحدوں کی حد بندی ہوئی۔

۱۸۸۰ سر رابرٹ سنڈیمن Sir Robert Sandeman برطانوی ہند حکومت کی طرف ایجنٹ ٹو گورنر جنرل برٹش بلوچستان مقرر ہوئے۔ وہ ایک تجربہ کار سپاہی اور ایک منجھے ہوئے منتظم تھے۔ سر رابرٹ سنڈیمن کو مکران اور وادی کیچ بہت ہی پسند تھا انہوں نے دو بار مکران اور وادی کیچ کا دورہ کیا اور یہاں کے معاملات میں خاص دلچسپی لی انہوں نے وائسرائے ہند کو مشورہ دیا کہ کراچی، لس بیلہ، پنجگور، زاہدان تا کرمان ایک کشادہ سڑک تعمیر کی جائے۔ سر رابرٹ سنڈیمن کی ناگہانی موت کی وجہ سے یہ منصوبہ پایہ تکمیل تک نہیں پہنچا۔ ۱۸۹۲ میں سر رابرٹ سنڈیمن نے رندوں اور خان قلات اور دوسری طرف رندوں اور سلطان مسقط کے درمیان جھگڑوں کی ثالثی کی اور یہ تمام جھگڑے خوش اسلوبی سے حل کئے گئے۔ یہ بات ذہن میں رہے کہ اس زمانے میں گوادر کا علاقہ سلطان مسقط کی عملداری میں تھا۔

۱۸۹۵ء میر محمود خان امیر ریاست قلات کیپٹن لی میسرئیر Captain le Mesurier پولیٹیکل ایجنٹ ریاست قلات کے ہمراہ کیچ مکران آئے۔ نصیر خان اول کے بعد ریاست قلات کے وہ پہلے خان تھے، جنہوں نے کیچ مکران کا دورہ کیا اور یہاں دیوان اودوداس کو اپنا ناظم مقرر کردیا۔ ۱۸۹۸ء میں میر بلوچ خان اور میر محراب خان نوشیروانی کی سربراہی میں ایک عام بغاوت ہوئی اس کی ابتدا میر محراب خان گچکی نے ناظم ریاست قلات کے ناظم دیوان اودوداس پر جان لیوا حملے سے کی اور اسے گرفتار کرکے قیدی بنالیا اور اسی دوران تربت کے قلعے پر بھی قبضہ کیا۔ ناظم دیوان اودوداس نے بالآخر رہائی پائی اور کلاتک میں پناہ لی محراب خان نے بعد میں اپنے بھائی میر رستم خان سے مدد لی جوان دنوں کیپٹن برن Captain Burn کی سربراہی میں کولواہ کے پہاڑوں میں ایک سروے ٹیم کی حفاظت پر مامور تھا۔ میر رستم خان نے میر بلوچ خان نوشیروانی کے ساتھ مل کر سروے ٹیم کے کیمپ پر حملہ کردیا اور کچھ لوگوں کو مار ڈالا اور حکومت وقت برطانوی اہل کاروان کو بہت مالی اور جانی نقصان پہنچایا اور ان

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

میں چند ناراض باغیوں نے ساحل کا رخ کیا اور ساحلی شہر پسنی کو لوٹا پھر پسنی اور گوادر کے درمیان لگے ہوئے ٹیلی گراف لائن کو کاٹ کر تباہ کر دیا۔ کرنل مین Colonel Mayre کی سربراہی میں ایک لشکر کراچی سے ان باغیوں کی سرکوبی کے لئے بھیجا گیا جو چار سو جوانوں اور دو توپوں پر مشتمل تھا۔ باغیوں کو بھاری نقصان کے ساتھ شکست ہوگئی۔ یہ جنگ تربت کے جنوب میں گوک پُروش پہاڑوں کی ایک تنگ گھاٹی میں لڑی گئی۔ میر بلوچ خان اور میر محراب خان ایک سو پچاس ساتھیوں سمیت اس جنگ میں مارے گئے۔ اس کے بعد شہرک، ناگ، ہور اور سیجر کے مضبوط قلعے مسمار کئے گئے۔ اس بغاوت کے بعد وادی کیچ میں ریاست قلات کی طرف سے میر مہراللہ خان رئیسانی کو ناظم مقرر کر دیا گیا۔ ۱۹۰۰ء میں ایک بار پھر وادی کیچ میں بے چینی کی لہر پھیلی اس بار شیر محمد گچکی نے سرکشی کی اور ریاست قلات کے ناظم میر مہراللہ خان رئیسانی کے اختیارات کو للکارا، لیکن اسے میر محراب خان گچکی نے نہایت چابکدستی سے مروا دیا۔ جسے خان قلات نے اسی کام کے لئے مامور کیا تھا۔ اس پر ایرانی بلوچستان کے حاکم میر محمد عمر نوشیروانی (جو رشتے میں شیر محمد گچکی کے داماد تھے) نے ایرانی لوگوں کے ساتھ مل کر وادی کیچ سے متصل علاقوں پر کئی حملے کئے اور بہت لوٹ مار کی پھر دشت کے گاؤں کنٹ ءدار کو تاراج کر دیا۔ کیپٹن شاور Captain Shawer پولیٹیکل ایجنٹ ریاست قلات دس سواروں اور دو سو پیدل فوجیوں کے ساتھ وادی کیچ آئے اور دزک کے مقام پر بمپور (ایرانی بلوچستان) کے حاکم سے ملے اور آئندہ کے لئے ایسے ناخوشگوار واقعات کے خاتمے کے لئے ایک معاہدہ کیا گیا جس کی رو سے یہ فیصلہ ہوا کہ ریاست قلات، برطانوی اہلکار اور ایرانی سرحدی حکام نقصان اور تاوان کی تلافی کے لئے مشترکہ طور پر تعاون کرینگے اور اس واقعے کے ذمہ داروں سے زرتلافی لینگے اور ۱۹۰۱ء میں کیپٹن شاور ایک لشکر اور توپوں کے ساتھ ایرانی سرحد کو متعین کرنے کے لئے بطرف کیچ روانہ ہوئے اور وہ جب اپنے لشکر کے ساتھ کیچ پہنچے تو انہیں معلوم ہوا کہ نودز کے قلعے پر محمد عمر نوشیروانی کے بھائی محمد علی نے باغیوں کے ساتھ مل کر قبضہ کر لیا ہے اور کیچ کے ناظم میر مہراللہ خان رئیسانی نے اس قلعے کو چاروں طرف سے گھیر لیا تھا اور بیس دسمبر ۱۹۰۱ء میں اس قلعے کو باغیوں سے زبردست جنگ کے بعد خالی کرالیا گیا۔ اس کے بعد میجر شاور اپنے ساتھیوں سمیت ایرانی بلوچستان کے حکام سے مذاکرات کے لئے کرمان کے گورنر جنرل سے ملاقات کے لئے مگس (ایرانی بلوچستان) پہنچے اور کامیاب مذاکرات کے بعد ان کے مابین ایک معاہدہ ہوا جس کی رو سے طے پایا کہ برطانوی بلوچستان کے حکام خان قلات اور ایرانی حکام ایک دوسرے سے تعاون کرینگے۔

۱۹۰۵ء میں لارڈ کرزن Lord Curzon وائسرائے برطانوی ہند پہلی بار پسنی آئے۔ دراصل کسی وائسرائے ہند کا کیچ مکران کا یہ پہلا دورہ تھا اور لارڈ کرزن اس دورے میں مکران لیوی فورس کی بنیاد رکھی اور اس کا ہیڈ کوارٹر پنجگور بنایا گیا۔ ۱۹۱۷ء میں ایک بار پھر ایرانی بلوچستان کے حاکم تمپ کلات پر حملہ کیا ان دنوں تمپ کے سردار نادل شاہ گچکی تھے ایرانی حاکم نے تمپ کو بری طرح لوٹا اور جو کچھ ہاتھ لگا اپنے ساتھ ایران لے لئے۔

قیام پاکستان کے وقت ۱۹۴۷ء میں کیچ مکران کے حاکم نواب بائی خان تھے اور جلد انہوں نے اپنی چھوٹی ریاست وادی کیچ کا بلا چون و چرا الحاق پاکستان کے ساتھ کیا۔ اسطرح وادی کیچ ریاست قلات، ریاست لسبیلہ، اور ریاست خاران کے ساتھ پاکستان کے فیڈریشن میں شامل ہوئی اور مکران وادی کیچ کے ساتھ ایک ضلع بنا اور ۱۹۸۰ء کی دہائی میں جب مکران کو ایک الگ ڈویژن بنا دیا گیا تو کیچ کو ایک جدا ضلع کا درجہ ملا اس کے ساتھ بلیدہ، دشت اور تمپ سب ڈویژن ضلع کیچ میں شامل کئے گئے، چنانچہ موجودہ ضلع کیچ بلیدہ، سب ڈویژن دشت اور سب ڈویژن تمپ اور ضلع کیچ کا ہیڈ کوارٹر تربت قرار پایا۔

☆☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

امتحان اور مطالعہ

نذیر فتح گوکدانی

امتحان ۔۔۔ایک فن: امتحانات میں کامیابی حاصل کرنا ایک باقاعدہ اور باضابطہ فن ہے۔ جو شخص اس فن کا ماہر ہے اور ساتھ ساتھ اسکے اصولوں اور قواعد پر پوری طرح عمل کرسکتا ہے وہ اعتماد کے ساتھ کسی بھی امتحان میں شریک ہوکر کم سے کم وقت اور محنت کے ذریعے بہتر کامیابی حاصل کرسکتا ہے۔ امتحانات کا نظام جو ہمارے ملک میں رائج ہے اس کو مضمونی امتحان کہا جاسکتا ہے۔ جس میں چند گھنٹوں کے مقررہ وقت میں چند سوالات کے جوابات تحریر کرلینے سے طالب علم کی سال کی محنت کی جانچ کی جاتی ہے اس طریقے سے کسی طالب علم کی صلاحیتوں کا قطعی طور پر صحیح اور قابلِ اعتماد جائزہ نہیں لیا جاسکتا۔ حالانکہ امتحانات کا اصول مقصدِ مہارت، علم اور اہلیت کا جانچنا ہے۔ امتحانات کے اس طریقے میں کم قابلیت رکھنے والے طالب علم کے زیادہ اظہار اور زیادہ قابلیت رکھنے والے طالب علم کے کم اظہار کی پوری گنجائش موجود ہے۔ اس قسم کے نظامِ امتحانات کا پورا انحصار یاداشت اور رٹ لینے پر ہوتا ہے۔ ممتحن صرف اس بات کا جائزہ لیتا ہے کہ کون سا طالب علم زیادہ یاداشت کا مالک ہے۔ اور اس نے سوال کے جوب کو اچھے انداز میں تحریری شکل میں لکھ ڈالا ہے۔ یہ طریقہ طالب علم کی قابلیت کے اظہار کا صحیح طریقہ نہیں ہے۔ امتحانات کی ان خرابیوں کے باوجود چونکہ ہمیں امتحانات سے واسطہ پڑتا ہے۔ اس لیئے اگر منصوبہ بندی سے امتحانات کی تیاری کرائی جائے تو کامیابی حاصل کرنا کوئی مشکل کام نہیں ہے۔

امتحان ۔۔۔صحیح نقطۂ نظر: امتحانات میں کامیابی یا ناکامی کا انحصار حافظے، ذہانت اور محنت سے زیادہ کچھ فطری صلاحیتوں، کچھ اکتسابی صلاحیتوں اور کچھ اتفاقی حالات پر مبنی ہے۔ جہاں تک فطری صلاحیتوں کا تعلق ہے۔ ان پر کسی طالب علم کا اختیار نہیں مگر اکتسابی صلاحیتیں کوشش اور توجہ کے ذریعے ہر طالب علم اپنے اندر پیدا کرلیتا ہے۔ امتحانات کی تیاری میں بے قاعدگی اور بدحواسی سب سے زیادہ نقصان دہ ہوتی ہے۔ اعتماد کے ساتھ امتحان کی تیاری شروع کردینی چاہیئے امتحان ایک دلچسپ اہم اور ہمت آزما دوڑ ہے۔ جس میں طالب علم اپنی تھوڑی سی قابلیت، صلاحیت اور معلومات کو بہتر اور موثر طریقے سے استعمال کر کے کامیابی حاصل کرسکتا ہے۔ اور باقاعدگی سے امتحان کی تیاری کرنے والا کبھی ناکام نہیں ہوتا۔

تیاری: امتحان کی تیاری کا سب سے بہتر طریقہ یہ ہے کہ طالب علم ہر روز سبق اچھی طرح یاد کرے اور امتحان کے دن اسے ایک نگاہ سے دیکھ لے تاکہ تمام یاد کی ہوئی چیزیں دماغ میں تازہ ہوجائیں کورس ختم کرتے ہی اس کا دوبارہ مطالعہ شروع کرے۔ امتحان شروع ہونے سے کافی قبل ہمیں کلاس میں لکھائے ہوئے نوٹس اچھی طرح ذہن نشین کرلینے چاہیں۔ اپنے کورس کے تمام مضامین کو شروع سے آخر تک دوبارہ پڑھیں۔ یہاں تک کہ تمام مرکزی خیال اور اہم باتیں ذہن نشین ہوجائیں دوسری بار پڑھنے میں آپکو زیادہ وقت دینا چاہیئے۔ اور ہر چیز کو دماغ میں محفوظ رکھیں امتحانات سر پر آئیں تو بالکل خوفزدہ نہ ہوں آپ مکمل طور پر اپنے دماغ کو پُرسکون رکھیئے۔ پچھلی یاداشت کو دماغ میں اُجاگر کریں اور اپنے آپ پر اعتماد رکھیں۔

لیکچرز اور نوٹس: کلاسوں میں دیئے گئے لیکچرز کافی حد تک امتحانات کی تیاری میں معاون ثابت ہوسکتے ہیں۔ بشرطیکہ آپ نے انہیں غور سے سنا ہو اور ان لیکچرز سے پہلے اور بعد میں آپ نے متعلقہ مضامین کا مطالعہ بھی کیا ہو تب آپ لیکچرز کے دوران سوالات پوچھ سکیں گے۔ کلاس میں دیئے گئے، لیکچرز کے نوٹس بنانا بہت مفید اور کارآمد ہوتے ہیں۔ اس لیے کہ آپ ان نوٹس کی مدد سے اپنی یاداشت پر زور دے

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

کر پورے لیکچر کو اپنے ذہن میں لا سکتے ہیں۔آپ اپنی کلاس میں روزانہ کرائے جانے والے کاموں کو سرگرمی سے کرتے جائیں۔تاکہ آپکا سبق چھوٹ نہ جائے اور آپ پیچھے نہ رہ جائیں۔کلاس شروع ہونے سے قبل اس مضمون کا مطالعہ کریں جسکا سبق اس دن کلاس میں ہونے والا ہے۔لیکچرز پر جو کچھ بھی سوالات دیئے جائیں آپ خود بھی ذہن میں ابھرنے والے سوالات ضرور پوچھیں۔

روزانہ مطالعہ: امتحان میں کامیابی کیلئے روزانہ مطالعہ اور محنت بہت ضروری ہے۔اگر آپ روزانہ مطالعہ کی عادت ڈال لینگے تو آپ چند ہی مہینوں میں محسوس کریں گے کہ اس کے متعلق آپ کے اندر اعتماد پیدا ہو رہا ہے۔آپ اپنے لیے ایک وقت مقرر کریں جس میں آپ کو ہر حال میں مطالعہ کرنا چاہئے۔آپ ایک ٹائم ٹیبل کے تحت مطالعہ کیجیے اور پھر باقاعدگی سے اس پر عمل کرتے ہوئے روزانہ مطالعہ کے ساتھ ساتھ آپ ہفتہ وار اپنے مطالعہ کا جائزہ لیں۔

مطالعہ۔۔۔چند اصول، چند تجاویز: آپ اپنے اندر ایک والہانہ شوق پیدا کیجیے کہ جس مضمون کا آپ مطالعہ کر رہے ہیں اس میں آپکو مہارت حاصل ہو جائے۔آپ کے دل میں ایک تڑپ ہو کہ جس چیز کو آپ پڑھیں اس پر آپ کو کامل عبور ہو جائے۔

آپ اپنے ارادہ کو عملی جامہ پہنائیں صرف خیالی محل تعمیر نہ کریں اور آج کا کام کل پر نہ چھوڑیں بلکہ روز کا سبق روز ذہن نشین کرتے چلے جائیں اپنے کام کو آپ ہر وقت دھیان میں رکھیں اور اسے بھول کر بھی پس پشت نہ ڈالیں آپ اپنی تمام رکاوٹوں کو اپنے راستے سے عقلمندی اور دانشمندی سے ہٹائیں۔جو آپکے مطالعہ میں حائل ہو رہی ہیں۔دورانِ مطالعہ مضمون میں دل لگائیں۔بے دلی اور خوف ہرگز نہ پیدا ہونے دیں۔مطالعہ کے لیے آپ اپنے اندر دلچسپی پیدا کریں دلچسپی کی بدولت ایک گھنٹے کے مطالعے کے بعد یوں محسوس ہوتا ہے کہ ابھی چند منٹ ہی گزرے ہیں۔آپ مناسب ماحول تلاش کیجیے یہ ماحول مطالعے کے لیے طالب علم کے ذہن کو زیادہ سے زیادہ آمادہ کرتا ہے۔ہر طالب علم کو اپنی طبیعت کے مطابق مناسب ماحول خود پیدا کرنا چاہیے۔مطالعے کے لیے وقت کی پابندی کی عادت ڈالنی چاہئے اور اس مقررہ وقت کو کسی دوسرے کام میں صرف کرنے سے احتراز کرنا چاہئے۔اس طرح طبیعت میں باقاعدگی پیدا ہوگی، اور امتحان کی تیاری میں مشکل نہیں آئے گی۔

☆☆☆

علم کے بارے میں

مہوش مولا بخش سکینڈ ایئر

علم وہ خزانہ ہے جو آپ کو جتنا ملے اتنا ہی کم ہے۔علم حاصل کرنا ہر مرد اور عورت پر فرض ہے۔اور اگر علم حاصل کرنے کے لئے اگر تمہیں چین جانا پڑے تو ضرور جاؤ۔علم وہ دولت ہے یہ جس کے پاس ہو وہ خوش نصیب اور جس کے پاس نہیں وہ بڑا بدنصیب ہے۔جب کوئی علم حاصل کرنے کے لیے تکلیفیں اٹھائے تو اُسے اُس کا پھل ضرور ملے گا۔علم وہ چراغ ہے جو ہر جگہ روشنی پھیلاتا ہے۔اور اس کی روشنی خوشیاں لاتی ہے۔انسان اس سے ترقی کرتا ہے۔علم حاصل کرنے والے لوگ کبھی نہیں بھٹکتے۔اُنہیں اُن کی منزل ضرور ملے گی۔جب کوئی بہت ہی مشکل سے اپنی تعلیم جاری رکھ کر آگے بڑھے گا۔تو خدا اُسے ناامید نہیں کرتا اور اسے کامیاب انسان بنا دیتا ہے۔ہمیں چاہیے کہ خود علم حاصل کریں اور دوسروں کو بھی تعلیم حاصل کرنے کی نصیحت کریں۔اس دنیا میں ناممکن کچھ بھی نہیں ہے۔اگر سچے لگن سے تعلیم حاصل کی جائے تو ناامید نہیں ہونگے۔اور آج کے نوجوان کل کے معمار ہیں۔

☆☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

اندھیرا اجالا

امجد حبیب/ طالب علم ڈگری کالج تربت

کردار

سرور۔۔۔۔۔۔۔۔۔طالب علم

فدا۔۔۔۔۔۔۔۔۔سرور کا دوست

شکیل۔۔۔۔۔۔۔۔فدا کا دوست

نوید۔۔۔۔۔۔فدا کا باب اور بابا نوکر

(سرور ایک قابل اور لائق طالب علم ہے، اُسے میٹرک کا امتحان پاس کرنے کے بعد کالج میں داخلہ لینا ہے۔ پہلے دن جب وہ کالج پہنچا تو اس کی ملاقات اسکے ایک پرانے دوست فدا سے ہو جاتی ہے۔ ملاقات کے بعد سرور، فدا کو اپنے ہاسٹل کے کمرے تک لے جاتا ہے۔ اور دونوں دوست ایک ہی کمرے میں رہنے پر اتفاق کرتے ہیں۔)

(پہلا منظر)

(سرور محسوس کرتا ہے کہ فدا پڑھائی میں کم دلچسپی لے رہا ہے)

سرور: (فدا سے) بھائی! آپ مطالعہ میں کم دلچسپی لے رہے ہیں۔

فدا: اتنا پڑھ کر کیا کروں گا۔ اور ہاں میں باہر بیٹھا ہوا ہوں۔ اگر میرا دوست شکیل آئے تو مجھے بلا لینا۔ (فدا چلا جاتا ہے اور سرور اسٹڈی (study) کر رہا تھا۔ کہ شکیل پہنچتا ہے۔)

شکیل: السلام علیکم، سرور جان آپ کیسے ہیں، پڑھائی کیسی ہے۔

سرور: وعلیکم السلام، میں بالکل ٹھیک ہوں۔ پڑھائی اچھی ہے۔

شکیل: فدا بھائی کہاں ہے۔

سرور: وہ تو باہر بیٹھا ہوا ہے۔ اچھا ٹھیک ہے، آپ یہاں بیٹھ جائیں، میں اسے ابھی بلاتا ہے ہوں۔ (سرور فدا کو بلانے باہر جاتا ہے۔ تو کیا دیکھتا ہے کہ فدا بیر کے درخت کے نیچے سگریٹ پی رہا ہے۔)

سرور: (حیران ہو کر) ارے آپ کیا کر رہے ہیں یہ زہر ہے کمبخت۔ (فدا سگریٹ کو چھپانے کی ناکام کوشش کرتا ہے۔)

سرور: اب چھپا کیوں رہے ہو۔ میں نے تو سب کچھ دیکھ لیا۔ یہ سگریٹ نہیں زہر ہے۔ اس میں شامل نکوٹین انسان کے دماغی خلیوں کو تباہ کر دیتی ہے۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

فدا: سرور بھائی! کسی کو بتانا مت، میں تو مجبور ہوں۔ یہ سب شکیل کا کام ہے جس نے میری عادتیں بگاڑ دی ہیں۔

سرور: اب جاؤ وہی تمھیں بلا رہا ہے۔ (فدا چلا جاتا ہے، سرور بھی اس کے پیچھے پیچھے چلا جاتا ہے کچھ دیر بعد شکیل واپس آتا ہے)

سرور: اچھا ہوا آپ آگئے۔ ذرا فزکس کے اس Chapter کے بارے میں مجھے کچھ سمجھانا۔

فدا: ارے کہاں فزکس اور کہاں میں۔

سرور: تو پھر ایک سال تک آپنے یہاں کیا کیا؟

فدا: بس یوں ہی سگریٹ کے دم لیتا رہا۔ اور اِدھر اُدھر گھومتا رہا۔ عیش کرتا رہا۔

سرور: اچھا ہوا۔ آپنے سگریٹ کا نام لیا۔ یہ زہر کیوں پیتے ہیں آپ؟ آپ اپنا وقت، پیسہ برباد کر رہے ہیں۔ آپ کے والدین نے یہی سوچ کر آپ کو کالج میں داخلہ دلوا دیا کہ میرا بچہ خوب محنت کر کے پڑھے گا۔ بڑا ہو کر اپنے ملک وقوم کا نام روشن کرے گا۔

فدا: ارے دو دن کی زندگی ہے۔ عیش کرو۔ تم ہر وقت کمرے میں بند ہو کر کتابیں پڑھتے ہو۔ کچھ باہر کی زندگی کے مزے بھی لو۔

سرور: دو دن کی نہیں بلکہ دو سال کی زندگی ہے۔ کیونکہ ان سالوں میں آپکے مستقبل کا فیصلہ ہونے والا ہے۔ (فدا سرور کی باتوں میں دھیان نہیں دیتا اور ایک گیت گنگناتا ہوا باہر نکل جاتا ہے۔)

(تیسرا منظر)

(اتوار کے روز دونوں دوست اپنے اپنے گھر چلے جاتے ہیں۔ اور فدا کا باپ فدا سے پڑھائی کے بارے میں کچھ پوچھ گچھ کرتا ہے۔)

نوید: اچھا بیٹا پڑھائی کیسی چل رہی ہے۔ اور ہاسٹل کا ماحول کیسا ہے؟

فدا: پڑھائی بہت اچھی ہے۔ میں اور میرا دوست دن رات محنت کر رہے ہیں۔ ان شاء اللہ میڈیکل کی سیٹ مل جائے گی۔

نوید: شاباش بیٹے! میں دن بدن کمزور ہوتا جا رہا ہوں اب مزید کام کاج نہیں کر سکتا۔ بینک میں جمع کیے ہوئے پیسے ختم ہوتے جا رہے ہیں۔

فدا: بابا جان آپ فکر نہ کریں۔

(پیر کے دن دونوں دوست کالج میں آتے ہیں۔ اور سرور کسی کام کے سلسلے میں فدا کی کلاس میں جاتا ہے۔ تو کیا دیکھتا ہے کہ فدا کلاس میں موجود نہیں ہے۔ اور کلاس فیلوز سے پوچھنے پر پتہ چلتا ہے کہ وہ کلاس میں کم آتا ہے اور اپنے دوست شکیل کے ساتھ چلا جاتا ہے۔

(چوتھا منظر)

(سرور جب کمرے میں آتا ہے۔ فدا وہاں بیٹھا ہوا ہے)

سرور: ارے فدا آپ فزکس کے پیریڈ میں کلاس میں موجود نہیں تھے۔ کہاں گئے ہوئے تھے۔

فدا: میں کسی ضروری کام کے سلسلے میں باہر گیا ہوا تھا۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

سرور: کلاس لینے سے زیادہ کوئی اور ضروری چیز نہیں ہے۔ ہمارا مقصد تعلیم حاصل کرنا ہے۔ سرکار نے ہمیں ہر سہولت مہیا کی ہوئی ہے۔ کالج میں لائبریری، ہاسٹل، کمرے ڈسک، لیکچرار، ہمیں ان سے پورا فائدہ اٹھانا چاہیے۔ ہمیں سخت محنت کرنا چاہیے۔ والدین خوش ہیں کہ بیٹا کالج میں پڑھ رہا ہے اور ہاسٹل میں محنت کر رہا ہے۔ لیکن آپ تو۔۔

فدا: چھوڑو ان باتوں کو۔ دیکھتا ہوں، آپ کیسے ڈاکٹر بنتے ہیں۔ میں نے کہا ناں کہ عیش کرو۔ فلمیں دیکھو، اپنا ٹائم پاس کرو، شاہ رخ کی فلم دیکھی ہے؟

سرور: یہ سب عارضی چیزیں ہیں۔ اصل چیز تو آپ کی تعلیم ہے۔ علم سے آپ کی شخصیت کی تعمیر ہوگی۔ یہی آپ کا مستقبل ہے۔

(پانچواں منظر)

(چند سال گزرنے کے بعد سرور اب ڈاکٹر بن چکا تھا)

سرور: بابا کل جو جشن ہے، میرے دوست فدا کو دعوت نامہ بھیج دو اور اسے میرا سلام کہنا۔

نوکر: مالک! آپ نوید صاحب کے بیٹے فدا کے بارے میں کہہ رہے؟

سرور: جی اسی کا کہہ رہا ہوں۔

نوکر: فدا کب سے ہیروئن کا عادی ہو چکا ہے۔ اسے تو کچھ ہوش نہیں ہے۔

سرور: (چونک کر) یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں؟

نوکر: ہاں مالک نوید صاحب کو ان سے بہت سی امیدیں وابستہ تھیں، مگر وہ کمبخت۔۔۔

(نوکر کی باتیں سن کر ڈاکٹر سرور خود ان سے ملنے جاتے ہیں)

گاڑی اسٹارٹ کر کے اس کے گھر کی جانب رخ کرتے ہیں۔ جب وہ کچھ دور چلتے ہیں تو ایک درخت کے نیچے ہیرنچیوں کا ایک گروپ ہیروئن پی رہا ہوتا ہے۔ ڈاکٹر سرور گاڑی روک کر ان کے قریب جاتے ہیں۔ قریب جا کر ڈاکٹر سرور اپنے دوست کو فوراً پہچان لیتے ہیں۔ تو کیا دیکھتے ہیں۔ فدا کے ہاتھ میں ہیروئن کا سرنج ہے اور کچھ دوسرے دوست سرنج چھیننے کی کوشش کر رہے ہیں۔ پہلے میں لگاؤں گا۔ دوسرا کہتا ہے "پہلے میں سلگاؤں گا"

سرور: السلام علیکم!

(سارے دوست نشے کی حالت میں یکجا ہو کر) والیکم سلام۔ فدا اٹھ کر سرور کے قریب آتا ہے)

فدا: اللہ کے نام پر ۱۰ روپے دے دو۔ خدا تمھارا بھلا کرے۔ اللہ آپ کو بڑا آدمی بنائے (غور سے دیکھ کر پہچان لیتے ہیں اور سرور کو گلے لگا کر) میرے دوست! میرے دوست! میں تباہ ہو گیا، میں برباد ہو گیا، میں پاگل تھا جو آپ کی باتوں پر دھیان نہیں دیا۔ اب میں عذاب کی زندگی گزار رہا ہوں۔ اللہ پاک میرے دشمنوں کو بھی ایسی زندگی نہ دے۔

سرور: اچھا! میں آپ کو خوشخبری سناؤں، آپ کا یہ دوست ڈاکٹر بن گیا ہے۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

فدا: (جلدی سے) آپ کو بہت بہت مبارک ہو۔ میں جاہل تھا۔ اگر میں پڑھتا، شاید کچھ بن جاتا لیکن۔۔

فدا: (فخر سے) دیکھو دوستو! یہ میرا پیارا دوست ہے، جو اپنی محنت اور قابلیت سے ڈاکٹر بن چکا ہے۔

سرور: اچھا چلو میرے ساتھ میں آپ کو اپنے ساتھ ہسپتال لے چلوں گا۔

فدا: میں تو کب سے یہی چاہ رہا ہوں۔ اس عذاب کی زندگی سے مجھے نجات مل جائے۔

(ڈاکٹر سرور اسے ہسپتال لے جاتا ہے۔ کچھ ضروری ٹیسٹیں کرواتا ہے۔

ڈاکٹر سرور: (رپورٹ دیکھتے ہوئے) اُف، یہ کیا، HIV پازیٹیو ہے۔

فدا: میں سمجھا نہیں؟

سرور: تمہیں ایڈز کی بیماری ہے!

(آخری منظر)

سارے محلے میں خوشیاں منائی جارہی تھیں۔ کیونکہ آج عید کا دن تھا۔ ۱۲ بجے کے قریب مسجد کے لاؤڈ اسپیکر پر اچانک ایک اعلان ہوا۔ ''فدا سفرِ آخرت پر روانہ ہو چکا ہے''

☆

کارآمد باتیں

رخسانہ عارف / بی اے گرلز کالج تربت

خیرات مال میں اضافہ کرتی ہے۔
احسان دشمن کو بھی زیر کر لیتا ہے۔
حقیقت یقین کی ماں ہے۔
انسان کا سب سے بڑا دشمن نفس ہے۔
جو اپنی ذاتی اصلاح نہیں کرسکتا، اس سے دوسروں کی اصلاح ممکن نہیں۔
جو محبت آپ اپنے ماں باپ سے کرتے ہیں ویسی محبت آپ کی اولاد آپ سے کرے گی۔
دنیا میں سب سے مشکل کام اپنی اصلاح ہے اور سب سے سے سہل دوسروں پر نکتہ چینی ہے۔
امن چاہتے ہو تو اپنے کان اور آنکھ استعمال کرو، لیکن زبان بند رکھو۔
بیماری گھوڑے کی رفتار سے آتی ہے لیکن چیونٹی کی رفتار سے جاتی ہے۔
سچ بولنے والا دشمن جھوٹے دوست سے بہتر ہے۔
دوسروں کی غلطیاں بھول جاؤ، لیکن اپنی ایک بھی نہ بھولو۔
زبان اگر چہ تلوار نہیں لیکن تلوار سے زیادہ تیز ہے۔

☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

زندگی

سمیرہ محمد رضا ایف اے

زندگی میں کچھ بھی ہمارے اختیار میں نہیں ، پھر بھی ہم اسے گزارنے کی کوشش کرتے ہیں۔ زندگی اتنی چھوتی ہوتی ہے کہ کسی کو پتہ ہی نہیں چلتا کہ کب، کہاں کیسے یہ زندگی دم توڑ دیگی۔ یہ زندگی عارضی ہے پھر بھی ہم اپنے مستقبل کے بارے میں سوچتے ہیں کہ کیسے اسے اور بھی زیادہ دلکش اور حسین بنائیں۔ ہمیں علم ہے کہ زندگی ہمارا ساتھ چھوڑ دیتی ہے۔ کیا ہم نے کبھی موت کے بارے میں سوچا ہے؟

نہیں۔۔۔ ہماری ہمیشہ سے یہ خواہش ہے کہ اس خوبصورت دنیا میں ہم ہزاروں سال تک زندہ رہیں مگر صد افسوس کہ جینے کی یہ تمنا پوری ہونے سے رہ جاتی ہے اور ہم اس دنیا سے کوچ کر جاتے ہیں۔

زندگی کیا ہے؟ ذرا سوچئے!

زندگی تو ایک طوفان ہے جو چلتے چلتے اچانک تھم جاتا ہے۔ زندگی کو ہمیشہ اسطرح گزاریں کہ اس سے کسی کی دل آزاری نہ ہو۔ ہر ایک سے میٹھی مسکراہٹ سے ملو۔ تاکہ اس دنیا سے چلے جانے کے بعد لوگ ہمیں اچھے نام سے یاد رکھیں، ہمیں اپنی زندگی ہمیشہ زندہ دلی سے گزارنا چاہیئے۔

زندگی زندہ دلی کا نام ہے
مردہ دل کیا خاک جیا کرتے ہیں

زندگی اور موت کا ایک دوسرے سے بہت گہرا تعلق ہے۔ اسی طرح غم اور خوشی تو زندگی کے ساتھی ہیں۔ لیکن ہم تو خوشیوں کا استقبال کرتے ہیں مگر غم کے نام سے یہ گھبراہٹ محسوس کرتے ہیں۔ ایسا کیوں؟

ہمیں چاہیئے کہ غم اور خوشی دونوں حال میں خوش رہیں اور خدا کو یاد کریں۔ صبر تحمل کا دامن تھامے رہیں۔ زندگی عزیز ہے تو موت کے بارے میں سوچیے۔ کیونکہ ایک نہ ایک دن ہمیں اس دنیا سے رخصت ہو جانا ہے۔ ہمیں چاہیئے کہ ہم ہر وقت موت کے لئے بھی تیار رہیں۔ کیونکہ یہی وہ چیز ہے جو ہمیں گناہوں سے روکتی ہے۔ موت کو ہر وقت یاد کرنے سے زندگی آسانی سے گزار سکتے ہیں۔ ویسے بھی یہ زندگی کبھی کسی کے ساتھ وفا نہیں کرتی۔

☆☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

علم کی فضیلت

عائشہ نسیم/ ایف ایس سی

علم ایک ایسا راستہ ہے جو انسان کو اندھیرے سے نکال کر روشنی کی طرف لاتا ہے۔ اسی علم کی بدولت ہمارے ذہنوں میں حلال وحرام کی تمیز پید اہوتی ہے۔ علم ہی جنت کی راہیں کھولتا ہے۔ یہ علم ہی ہے جس کی وجہ سے قومیں ابھرتی، آزادی حاصل کرتی اور ترقی کی منازل طے کرتی ہیں۔ علم ہی کے سبب انسان چاند پر پہنچا۔

دنیا میں ہر چیز زوال پذیر ہے، لیکن علم ہی ایک ایسا سرمایہ ہے جسے زوال نہیں اور ایسی بڑی دولت ہے جو خرچ کرنے سے بڑھتی ہے۔ علم ایک ایسا سونا ہے جسے نہ چور کا کھٹکا ہے اور نہ ڈاکو کا خدشہ۔

مصیبت کے وقت عزیز واقارب اور دوست آشنا تک چھوڑ جاتے ہیں لیکن علم ایک ایسا ساتھی ہے جو رنج وخوشی دکھ سکھ اور سفر میں ہمارا بہترین دوست ہے۔ سائنس نے جو اتنی ترقی کی ہے وہ سب اسی ولم کی مرہونِ منت ہے۔

علم انسان کو زندگی گزارنے، کامیاب بنانے اور اچھا سلوک کرنے کے گُر سکھاتا ہے۔ علم دولت کی کنجی ہے لیکن اس کنجی کو پانے کیلئے سخت محنت ومشقت کرنے کی ضرورت ہے۔

جس آدمی میں علم نہیں وہ آدمی نہیں جانور ہے، جس گھر میں کوئی علم والا نہیں وہ گھر نہیں جانوروں کا ڈربہ ہے۔ اور جس ملک میں علم کا رواج نہیں وہ ملک نہیں حیوانات کا جنگل ہے۔

ہمیں چاہیے کہ علم جیسی دولت کو حاصل کریں اور وقت ضائع نہ کریں۔

☆☆☆

تعلیم سب کیلئے

شاہ زیب اسلم ایف ایس سی

سب سے پہلے میں تعلیم کے بارے مین کچھ لکھنا چاہون گا کہ تعلیم کیا ہے۔ میرے دوستو! تعلیم ایک ایسا نور ہے جس کی روشنی سے دل ودماغ، کون ومکان اور پوری کائنات جگمگا اٹھتی ہے۔ انسان اپنی خواہشات کی تکمیل صرف اور صرف تعلیم کے ذریعے سے کرسکتا ہے۔ تعلیم حاصل کرنا ہر انسان کی پہلی ذمہ داری ہے۔ کرۂ ارض پر بسنے والے تمام انسانوں کی سوچ میں یکسانیت نہیں ہوتی۔ ہر انسان کا اپنا ایک الگ نقطۂ نظر ہوتا ہے۔ لہٰذا کوئی اپنے ملک وقوم کیلئے تعلیم حاصل کرتا ہے، کوئی معاشرے کیلئے اور کوئی اپنے لیے۔ تعلیم کسی بھی غرض سے بھی حاصل کی جائے اُسے ہم بے بنیاد یا غلط نہیں کہہ سکتے۔

تعلیم سب کیلئے ہے چاہے کوئی لڑکا ہو یا لڑکی، جوان ہو یا بوڑھا، سب کیلئے تعلیم حاصل کرنا ضروری ہے جیسا کہ ہمارے پیارے رسول اکرمؐ کا قول ہے کہ علم حاصل کرنا ہر مرد اور عورت پر فرض ہے۔ اسی طرح اب ہمیں اس فرض کو نبھانا چاہئے۔ البتہ ہمارے معاشرے میں آج تک کچھ تنگ نظر اور جاہل لوگ موجود ہیں جو لڑکیوں کی تعلیم کے حق میں نہیں ہیں۔ یہ اُن کی جہالت ہے۔ ایک تعلیم یافتہ شخص اپنی ہر مشکل کو سوچ سمجھ کر حل کرسکتا ہے۔ تعلیم انسان کو اس مقام تک پہنچا دیتی ہے جس کے متعلق عام انسان سوچ بھی نہیں سکتا۔ انسان شرفِ انسانیت کا راز بھی تعلیم ہی کے ذریعے پاسکتا ہے۔ لہٰذہ یہ ضروری نہیں کہ علم حصولِ روزگار کیلئے کیا جائے۔ کیونکہ علم حاصل کرنےکا مقصد صرف حصولِ روزگار ہی نہیں۔ بلکہ علم حاصل کرکے انسان یہ سمجھ سکتا ہے کہ اسے اپنی زندگی کس طرح گزارنی ہے، گھر کس طرح سنبھالنا ہے، بچوں کی تربیت کس طرح کرنی ہے اور معاشرے کی بہتری کیلئے کیا اقدامات کرنے چاہیں۔ بے علم کے مثال حیوان کی ہے جو بھلے اور برے میں تمیز کرنے کے قابل نہیں ہوتا۔ اس لیئے ہمیں علم حاصل کرکے مہذب انسان بننا چاہے اور اس علم سے دوسروں کو فائدہ پہنچا کر انہیں بھی مہذب انسان بنانا ہے۔ تعلیم نہ صرف اخلاق وکردار بلکہ شعوری قوتوں اور تخلیقی صلاحیتوں کو بھی پروان چڑھاتی ہے۔ لہٰذا ہمارے معاشرے میں عورتوں کو اپنی تعلیم کی طرف زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہے کیونکہ ایک عورت کی تعلیم پورے خاندان کیلئے فائدہ مند ثابت ہوسکتی ہے۔ تعلیم یافتہ عورت اولاد کی بہتر تربیت کرسکتی ہے۔ اور معاشرے کی ترقی میں اہم کردار ادا کرسکتی ہیں۔ اس لیے زیادہ سے زیادہ تعلیم پر توجہ دینی چاہیے۔

☆☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

علم کی روشنی

سکینہ حاجی مراد/ بی اے

☆ علم ایسا سفر ہے، جو کبھی ختم نہیں ہوتا۔

☆ ایسی لو ہے، جو کبھی نہیں بجھتی۔

☆ ایسی زنجیر ہے، جس سے انسان کا مستقبل وابستہ ہے۔

☆ ایسا بادل ہے، جو گھٹا بن کر برستا ہے۔

☆ ایسا سمندر ہے، جس کی نہ تو کوئی تہہ اور نہ ہی کوئی کنارہ ہے۔

☆ ایسی تلوار ہے، جو جہالت کے اندھیروں کو آسانی سے کاٹ سکتی ہے۔

☆ ایسی شمع ہے، جو جتنی زیادہ جلتی ہے اتنی ہی زیادہ روشنی دیتی ہے۔

☆ ایسی کنجی ہے، جس سے کامیابی کے تمام دروازے کھلتے ہیں۔

☆ ایسا پھول ہے، جس کی خوشبو ہر طرف محسوس کی جاسکتی ہے۔

☆ ایسا پودا ہے جسے اگر کوئی ایک شخص لگائے تو پھر اسکا پھل ہر انسان کھاتا ہے۔

☆ ایسا خزانہ ہے جسے چھپانے کیلئے کسی خاص چیز کی ضرورت نہیں ہوتی بلکہ یہ خزانہ انسان کے ذہن میں تاابد محفوظ رہتا ہے

☆ ایسی دولت ہے جسے اگر کوئی ایک شخص حاصل کرے تو پھر یہ دولت نسل در نسل لوگوں میں تقسیم ہوتی رہتی ہے۔

☆ ایسا زینہ ہے، جو کامیابی کی منزل کی طرف جاتا ہے۔

☆ ایسا آئینہ ہے، جس میں ہر انسان اپنے مستقبل کی جھلک دیکھ سکتا ہے۔

☆ علم وہ خزانہ ہے جسکا ذخیرہ بڑھتا ہی رہتا ہے۔

☆ علم انسان کیلئے اتنا ہی ضروری ہے، جتنا کنول کے پھول کے لئے پانی۔

☆ علم ایک ایسا خزانہ ہے، جو کبھی چرایا نہیں جاسکتا۔

☆ علم ایک ایسا چراغ ہے، جو عقل مندوں کو روشنی دکھاتا ہے۔

☆ علم کی محبت اور استاد کی عزت کے بغیر کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

☆☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

آج کے نوجوان کل کے معمار

ہیتان بشیر رند/فرسٹ ائیر پری میڈیکل

کہتے ہیں ''کسی قوم کو سو سالوں تک زندہ رہنا ہے تو وہ چاول کاشت کرے اور اگر کسی قوم کو ہزاروں سال تک زندہ رہنا ہے تو وہ اپنی نوجوان نسل کی بہترین پرورش کرے'' کیونکہ یہ نوجوان نسل ہمارے کل کے مستقبل کی ضمانت ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ نوجوان نسل کی وجہ سے قوموں کا نام زندہ رہتا ہے نوجوان نسل سے ہی قوم زندہ رہ سکتی ہے۔ ایک دانشور کا قول ہے ''اگر تم کسی قوم کو تباہ و برباد کرنا چاہتے ہو تو اس کی نوجوان نسل کو ضائع کرو، تو پوری قوم خود بخود تباہ ہو جائیگی'' کسی ملک کی ترقی کے لئے نوجوان نسل کے کردار کو بہت سراہا جاتا ہے۔ نوجوان نسل کی مدد کے بغیر ترقی ناممکن ہے۔ افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ہمارے معاشرے کے نوجوان اپنے آپ سے بیگانے ہیں۔ وہ یہ نہیں جانتے کہ یہ دنیا کتنی تیزی سے لمحہ بہ لمحہ بدل رہی ہے۔ یہ دور مقابلے کا دور ہے مگر ہمارے معاشرے میں نوجوان نسل مختلف برائیوں میں جکڑی ہوئی ہے۔ پھر وہ کس طرح اس سائنسی دور میں آپ کو منوا سکتے ہیں؟

تعلیم ہی واحد ذریعہ ہے جس کے ذریعے کسی قوم کی صحیح معنوں میں شناخت ہو سکتی ہے۔ تعلیم ہی واحد ذریعہ ہے جس کی بدولت کوئی اپنے آپ کو منوا سکتا ہے۔ لیکن ہمارے معاشرے کے نوجوان تعلیم سے دور بھاگتے ہیں۔ وہ منشیات کے پجاری بن چکے ہیں۔ وہ سوچ و فکر سے بے بہرہ ہیں۔ وہ حقیقت کی دنیا کو چھوڑ کر خیالوں کی دنیا میں رہ رہے ہیں۔ آج کے نوجوان بازار میں اس طرح گھومتے پھرتے ہیں جیسے انہیں دنیا میں اور کوئی کام ہے ہی نہیں۔ لیکن ان نوجوانوں کو یہ معلوم نہیں کہ وہ وقت کو نہیں بلکہ وقت ان کو ضائع کر رہا ہے۔ کچھ نوجوان ایسے ہوتے ہیں جو فلمیں دیکھ کر خود کو خوابوں کی دنیا میں محسوس کر کے اپنے آپ کو ضائع کر رہے ہے۔ کیونکہ انہوں نے کبھی بھی حقیقت کی دنیا کی طرف دیکھنے کی کوشش ہی نہیں کی۔

آج سائنس اس قدر ترقی کر چکی ہے کہ انسان زمین پر رہنے کی بجائے مریخ پر رہنے کی خواب کو حقیقت میں بدل رہا ہے۔ سائنسدان سوچ بچار میں ہیں کہ دوسرے سیاروں پر کیسے زندگی آباد کریں؟ چاند پر کس طرح پانی حاصل کیا جائے اور وہاں کس طرح آکسیجن پیدا کی جائے۔ آج سائنس اپنی تمام قوتوں کو فطرت کے قانون کو سمجھنے میں استعمال کر رہی ہے۔ انسان ہر روز ایک نئی چیز ایجاد یا دریافت کر رہا ہے۔ لیکن ہمارے معاشرے کے نوجوان ایسی سائنسی باتوں کو قبول نہیں کرتے۔ وہ کہتے ہیں کہ یہ سارے جھوٹ ہیں۔ وہ اپنی تمام قوتوں کو فضول کاموں میں ضائع کر رہے ہیں۔ اگر ہمارے معاشرے کے نوجوانوں کی حالت یہی رہی تو آنے والے وقتوں میں ان کا نام و نشان تک ختم ہو جائے گا۔ ان کی داستان تک نہیں رہے گی۔

داستانوں میں کسی بھی معاشرے کو بنانے سنوارنے میں دانشوروں کا اہم کردار ہوتا ہے۔ نوجوان نسل کو راہِ راست پر لانے کے لئے انہیں اپنا مثبت کردار ادا کرنا ہوگا۔ نوجوان نسل کا بھی فرض بنتا ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ توجہ تعلیم پر دے دیں۔ وہ وقت کو اس طرح استعمال کریں کہ زیادہ سے زیادہ معلومات تک رسائی حاصل کر سکیں۔ آج کے نوجوانوں کو چاہیے کہ خود کو منشیات جیسی لعنت سے بچائیں۔ فضول بحثوں کو چھوڑ کر تعمیری بحثوں میں لگ جائیں۔ خیالی دنیا کو چھوڑ کر حقیقت کی دنیا میں رہنا سیکھیں، کیونکہ اسی میں ہماری بھلائی ہے۔ ان تمام باتوں پر عمل کر کے ہم بھی دوسری قوموں کی طرح ایجادات اور دریافتیں کر سکتے ہیں۔ ہمیں صرف تعلیم کی اہمیت کو سمجھنا چاہیے۔ تعلیم حاصل کرنے کے لئے سخت سے سخت محنت کرنی چاہیے۔

کھول آنکھ، زمین دیکھ، فلک دیکھ، فضا دیکھ
مشرق سے ابھرتے ہوئے سورج کو ذرا دیکھ

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

کتاب بہترین ساتھی ہے

شہناز غلام محمد/سیکنڈ ایر/گرلز کالج تربت

اس میں کوئی شک نہیں کہ کتاب ہماری بہترین ساتھی اور ایک رہنما دوست بھی ہے۔ جو ہمیں دنیا بھر کی معلومات بہم پہنچاتی ہے۔ زندگی کے نشیب وفراز سمجھاتی ہے، خطرات اور مشکلات سے آگاہ کرتی ہے۔ زندگی کی دشوار گھاٹیوں اور تاریک راستوں میں ہمارے لئے مشعل راہ ثابت ہوتی ہے۔ جب ہم زندگی کی تلخیوں سے دل برداشتہ ہوجاتے ہیں، تو کتاب ہمیں سکون واطمینان بخشتی ہے۔ جو شخص کتاب نہیں پڑھتا وہ اس شخص سے مختلف نہیں کہ جو کتاب پڑھنا جانتا ہی نہیں۔

انسان کی زندگی کا تکلیف دہ حصہ اس کی تنہائی ہے، انسان فطری طور پر معاشرتی واقع ہوا ہے۔ اس لئے اس کی خواہش ہوتی ہے کہ وہ اپنے وقت کا بیشتر حصہ دوسرے انسانوں کی صحبت میں گزارے۔ تنہائی کے ان لمحات میں کتاب ہی ساتھ دیتی ہے۔ دانشمند لوگ ان لمحوں میں قدرت کے اس عطیہ کی پوری قدر کرتے ہیں اور وہ ان قیمتی لمحات کو کتابوں کے مطالعہ پر صرف کرتے ہیں۔ کتابوں کے مطالعے سے ہم منصفوں کے خیالات سے مستفید ہوتے ہیں۔ کتاب کی بدولت ہم ان لوگوں کے حالات سے روشناس ہوتے ہیں۔ جنہوں نے قابل ذکر کارنامے سرانجام دیئے ہیں۔ جس طرح ایک نیک اور اچھے چال چلن کا دوست اپنے دوست کو برائی سے بچالیتا ہے۔ اسی طرح ایک اچھی کتاب اپنے پڑھنے والوں کو برائیوں سے محفوظ رکھتی ہے۔ مطالعہ سے ایک فائدہ یہ ہوتا ہے کہ ہمارے دماغ کی خوابیدہ قوتیں بیدار ہوتی ہیں اور ہم اپنی حقیقت سے کماحقہ واقف ہوجاتے ہیں اور اپنی صلاحیتوں کو بطریق احسن بروئے کار لاسکتے ہیں۔ مطالعہ ان خیالات کو ہمارے دل سے باہر نکالتا ہے جن کے متعلق یہ گمان بھی نہیں ہوتا کہ ایسے خیالات ہمارے اندر موجود ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اکثر اوقات ہم سمجھتے ہیں کہ کتاب ہمارے ان جذبات وخیالات کی ترجمانی کررہی ہے، جو ہمارے دل میں پہلے ہی سے موجود تھے، مگر ان کو ظاہر نہ کرسکتے تھے۔

ہم دیکھتے ہیں کہ وہ لوگ جنہوں نے بڑے بڑے کام کئے اور جو تاریخ میں اپنا نام چھوڑ گئے، وہ ہماری ہی طرح کے انسان تھے۔ لیکن انہوں نے محض مطالعہ کی وجہ سے یہ عظیم کارنامے سرانجام دیئے۔ یہ کتابیں ہی تھیں جنہوں نے ان کی زندگی کو عزت وشہرت کی آب وتاب بخشی۔ اگر ہم بھی زندگی میں کوئی نمایاں کام کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں خود میں جدوجہد کا وہ عزم اور اپنے نصب العین سے وہ محبت پیدا کرنی چاہئے، جو ان لوگوں میں موجود تھی۔

میرا مخلصانہ مشورہ ہے کہ کتابیں پڑھیں ان پر سوچیں اور غور کریں پھر اچھی باتوں پر عمل کرنے کی کوشش کریں۔

ہاں ایک سوال یہ سامنے آسکتا ہے کہ کتابیں حاصل کہاں سے کی جائیں؟ تو اس کا سادہ سا جواب یہ ہے کہ اگر آپ کی جیب اجازت دے تو کتابیں خرید کر پڑھیں اور اس طرح آہستہ آہستہ اپنی ذاتی لائبریری تشکیل دیں، جو آپ کی زندگی کا سب سے خوبصورت خزانہ ہوگا۔ اگر حالات اجازت نہ دیں تو کالج کی لائبریری تو ہے ہی۔ وہاں سے کتاب حاصل کریں۔ پبلک لائبریری سے رابطہ کریں۔ آج کل تو انٹرنیٹ پر دنیا بھر کی کتابوں کے پرنٹ حاصل کئے جاسکتے ہیں۔ شرط یہ ہے کہ آپ میں ذوق شوق اور لگن ہونی چاہیے۔

☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

یہ دنیا امتحان گاہ ہے

منیر احمد

خدائے تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ ہم نے انسان کو ایک مخلوط نطفے سے پیدا کیا تا کہ اسکا امتحان لیں۔ اور اس غرض کیلئے ہم نے اسے سننے اور دیکھنے والا بنایا۔ ہم نے اسے راستہ دکھا دیا۔ خواہ شکر کرنے والا بنے یا کفر کرنے والا۔

یہ دنیا میں انسان کی اور انسان کیلئے دنیا کی اصل حقیقت یہی ہے کہ خدا نے اسے اس لئے پیدا کیا تا کہ وہ اس کا امتحان لے۔ اس کیلئے دنیا امتحان گاہ ہے۔ انسان جس چیز کو عمر سمجھتا ہے۔ حقیقت میں وہ امتحان کا وقت ہے جو اسے یہاں دیا گیا ہے۔ دنیا میں جو قوتیں اور صلاحتیں بھی اس کو دی گئی ہیں۔ جن چیزوں پر بھی اسکو تصرف کے مواقع دیئے گئے ہیں۔ جن حیثیتوں میں وہ یہاں کام کرتا ہے۔ اور جو تعلقات بھی اسکے اور دوسرے انسانوں کے درمیان ہیں۔ وہ سب اصل میں اسکے لئے امتحان ہیں۔ اور امتحان کا یہ سلسلہ مرتے دم تک قائم رہتا ہے۔ اور اسی امتحان کے نتیجے کے طور پر آخرت میں یہ فیصلہ ہوتا ہے۔ کہ وہ کامیاب ہوا یا ناکام۔ اس امتحان میں کامیابی یا ناکامی کا سارا انحصار خود اسکے رویہ زندگی پر ہے۔ اگر اس نے اپنے آپ کو خدائے واحد کا بندہ سمجھ کر اس طریقہ پر کام کیا جو خدا کی مرضی کے مطابق ہو۔ اور آخرت کی جوابدیت کو پیش نظر رکھا تو وہ امتحان میں کامیاب ہوگیا۔ ورنہ ناکام رہا۔

اس امتحان کیلئے خدا نے انسان کو علم وعقل کی طاقتیں دیں۔ تا کہ اس آزمائش میں پورا اترنے کے قابل ہو سکے۔ انسان کے حافظے کے پیچھے پیچھے ایک سوچنے والا دماغ موجود ہوتا ہے۔ جو اس کے ذرائع سے آنے والی معلومات کو جمع کر کے اور ان کو ترتیب دے کر ان کے نتائج نکالتا ہے۔ رائے قائم کرتا ہے۔ اور پھر فیصلوں پر پہنچتا ہے۔ جن پر اس کا رویہ زندگی بنا ہوتا ہے۔ خدا نے انسان کو محض علم وعقل کی قوتیں دے کر ہی نہیں چھوڑ دیا، بلکہ ساتھ ساتھ اسکی رہنمائی بھی کی، تا کہ اسے معلوم ہو جائے کہ شکر کا راستہ کون سا ہے اور کفر کا راستہ کون سا اور اسکے بعد جو راستہ بھی وہ اختیار کرے اسکا ذمہ دار خود ہو۔

زمین پر جو کچھ بھی ساز وسامان ہے۔ اسے خدا نے انسان کے عیش وعشرت کے لئے نہیں بنایا ہے، بلکہ یہ سارے ساز وسامان وسائل امتحان ہیں۔ جن کے درمیان انسان کو رکھ کر روز آخر یہ دیکھنا ہے کہ ان میں سے کون اپنی اصل کو فراموش کر کے دنیا کی دل فریبیوں میں گم رہا اور کون اپنے اصل مقام بندگی رب کو یاد رکھ کر صحیح راستہ پر قائم رہا، کیونکہ جس روز یہ امتحان ختم ہو جائے گا۔ اس روز یہ بساطِ عیش الٹ دی جائے گی اور یہ زمین چٹیل میدان کے سوا کچھ نہ رہے گی۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا جو کچھ ساز وسامان بھی زمین پر ہے، اس کو ہم نے زمین کی زینت بنایا تا کہ ان لوگوں کو آزمائیں۔ ان میں کون بہتر عمل کرنے والا ہے۔ آخر کار ان سب کو ہم ایک چٹیل میدان بنا دینے والے ہیں، بھلائیوں میں ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کی کوشش کرو۔ آخر کار تم سب کو خدا کی طرف پلٹ کر جانا ہے۔ پھر وہ تمہیں اصل حقیقت بتا دے گا۔ جس میں تم اختلاف کرتے رہے۔ اس طرح اللہ کی بخشی دنیا کی ساری نعمتیں امتحان اور آزمائش ہیں۔ تا کہ وہ دیکھ سکے کہ بندہ ان پر شکر کرتا ہے یا ناشکری یا اپنی دولت پر قارون کی طرح غرور کرتا ہے کہ وہ معاش کا علم رکھتا ہے۔ اس کے ذریعے اس نے یہ ساری دولت کمائی ہے۔ ایسے ناشکروں کی نفسیات سے متعلق ایک موقع پر ارشاد ہے۔ یہی انسان جب ذرا سی مصیبت چھوتی ہے، تو ہمیں پکارتا ہے اور جب ہم اسے اپنی طرف سے نعمت

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

دیتے ہیں، تو کہتا ہے کہ یہ تو مجھے علم کی بنا پر دیا گیا ہے۔ نہیں بلکہ یہ آزمائش ہے، مگر ان میں سے اکثر جانتے نہیں ہیں۔

خدا نے انسان کو زمین پر اپنا خلیفہ بنایا اور اس پر تصرف کے پورے اختیارات بخشے اکثر کسی کو زیادہ چیزوں کے تصرف کا اختیار دیا گیا یا کسی کو زیادہ قوتِ کارکردگی دی گئی ہے۔ تو یہ صرف اس لئے کہ خدا کو دراصل ایسے لوگوں کا امتحان مطلوب ہے اور اسے یہ بھی دیکھنا ہے کہ اس نے کس طرح خدا کی امانت میں تصرف کیا۔ کہاں تک امانت کی ذمہ داری کو سمجھا اور اسکا حق ادا کیا اور کس حد تک اپنی قابلیت یا نا قابلیت کا ثبوت دیا۔ اسی امتحان کے نتیجہ پر زندگی کے دوسرے مرحلے میں انسان کے درجے کا تعین منحصر ہے۔ اس امتحان کی غرض سے خالق نے ہر ایک کو عمل کا موقع دیا ہے، تا کہ وہ دنیا میں کام کر کے اپنی اچھائی یا برائی کا اظہار کر سکے اور ہر ایک کو عمل کا موقع دیا ہے، تا کہ وہ دنیا میں کام کر کے اپنی اچھائی یا برائی کا اظہار کر سکے اور عملاً یہ دکھادے کہ وہ کیسا انسان ہے۔ جس شخص کا جیسا عمل ہوگا، اسی کے مطابق اس کو جزا دی جائے گی کیونکہ اگر جزا نہ ہو تو امتحان کے کوئی معنی نہیں۔ دنیا میں انسانوں کے مرنے جینے کا سلسلہ اسی لئے رکھا گیا ہے تا کہ خدا یہ امتحان لے کہ کس انسان کا عمل زیادہ بہتر ہے۔ فرمایا گیا ”اور ہم ضرور تمہیں خوف وخطر فاقہ کشی جان و مال کے نقصانات اور آمدنیوں کے گھاٹے میں مبتلا کر کے تمہاری آزمائش کریں گے۔ ان حالات میں جو لوگ صبر کریں اور جب کوئی مصیبت پڑے تو کہیں کہ ہم اللہ کے ہیں اور اللہ ہی کی طرف ہمیں پلٹ کر جانا ہے۔ انہیں خوشخبری دے دو۔ ان پر ان کے رب کی طرف سے بڑی عنایتیں ہونگی۔ اس کی رحمت ان پر سایہ کرے گی اور ایسے ہی لوگ راست گو ہیں“ بات آتی ہے ایمان کی تو ظاہری ایمان ایک مومن اور منافق کے ایمان کا فرق آزمائشوں میں ڈالنے سے کس طرح کھلتا ہے۔ اس کی ایک مثال قرآن میں اس وقت دی گئی ہے۔ جب کہ حضورؐ کے وقت میں کوئی سال ایسا نہ گزرتا تھا، جبکہ دعویٰ ایمان آزمائش کی کسوٹی پر پرکھا نہ جاتا ہو۔ اس کے کھوٹ کا راز فاش نہ ہوتا ہو۔ کبھی قرآن میں کوئی حکم آجاتا تھا، جس سے خواہشات نفس پر کوئی نئی پابندی عائد ہو جاتی تھی۔ کبھی دین کا کوئی ایسا مطالبہ سامنے آجاتا تھا جس سے ان کے مفاد پر ضرب پڑتی تھی۔ کبھی کوئی اندرونی قضیہ ایسا رونما ہو جاتا تھا جس میں یہ امتحان مضمر ہوتا تھا کہ ان کو اپنے دنیوی تعلقات اور اپنی خاندانی اور قبائلی دلچسپیوں کی بہ نسبت خدا اور اس کا رسولؐ اور اس کا دین کس قدر عزیز ہے۔ کبھی کوئی ایسی جنگ پیش آجاتی، جس میں یہ آزمائش ہوتی کہ یہ جس دین وایمان لانے کا دعویٰ کر رہے ہیں اس کی خاطر جان و مال وقت اور محنت کا کتنا ایثار کرنے کے لیے تیار ہیں ایسے تمام مواقع پر منافقت کی وہ گندگی جو ان کے جھوٹے اقرار کے پیچھے چھپی ہوئی تھی۔ کھل کر منظر عام پر آجاتی تھی۔ اس تمام بحث کا حاصل یہ ہوا کہ دنیا امتحان گاہ ہے۔ یہاں دعویٰ ایمان کو پرکھا جاتا ہے۔ ہمیں اس امتحان کی تیاری کرنی چاہیے۔

☆

اسلام میں صفائی کی اہمیت

زہرہ جبین/گرلز کالج تربت

اسلام نے صفائی پر بہت زور دیا ہے، کیونکہ صفائی ایمان کا حصہ ہے۔ جس منہ سے اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا جائے اس کی صفائی کا خاص خیال رکھا جائے کیونکہ بدبودار منہ کے ساتھ بندہ نماز پڑھے تو اس سے فرشتوں اور اس کے ساتھ نماز پڑھنے والوں کو تکلیف ہوگی۔ کتنی بری بات ہوگی اس کے علاوہ پورے گھر کی مثلاً باورچی خانہ، فریج، باتھ روم وغیرہ کی صفائی کا خاص خیال رکھا جائے، کیونکہ ان میں ہمارے روزمرہ کے استعمال کی چیزیں ہوتی ہیں۔ ان سے ہماری صحت بھی متاثر ہوسکتی ہے۔ اسلام نے ہمیں حقیقی صفائی کا درس دیا ہے۔ دانتوں کی صفائی کی بہت اہمیت ہوتی ہے اور اسلام میں اس عمل کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ روزمرہ کی صفائی کا انسانی زندگی پر بڑا اچھا اثر پڑتا ہے۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

دینی مدارس

(ایک مختصر جائزہ)

صلاح الدین/ اسسٹنٹ پروفیسر اسلامیات

اسلامی معاشرے کے لئے قرآن وسنت کی تعلیم اور اسلامی تہذیب کا فہم وشعور اتنی اہمیت رکھتا ہے جتنا انسانی زندگی کے لئے ہوا، غذا اور دوسری ابتدائی ضروریات۔ یہ ایک یقینی بات ہے، ماضی قریب تک دینی مدارس نے دینی ذمہ داریوں کی ادائیگی کے لئے گراں بہا خدمات سرانجام دی ہیں۔ انہی خدمات کی قدر افزائی کے لئے علامہ اقبال ایک بڑی حقیقت کا پتہ دیتے ہیں ''ان مکتبوں (مدرسوں) کو اسی حالت میں رہنے دو غریب مسلمانوں کے بچوں کو انہی مکتبوں میں پڑھنے دو، اگر یہ ملّا اور درویش نہ رہے تو جانتے ہو کیا ہوگا، جو کچھ ہوگا میں اسے اپنی آنکھ سے دیکھ آیا ہوں۔ اگر ہندوستان کے مسلمان ان مکتبوں کے اثر سے محروم ہو گئے تو بالکل اسی طرح جس طرح ہسپانیہ (اسپین) میں مسلمانوں کو آٹھ سو برس کی حکومت کے باوجود آج غرناطہ وقرطبہ کے کھنڈر اور الحمرا اور باب الاخوتین کے سوا اسلام کے پیرووں اور اسلامی تہذیب کے آثار کا کوئی نقش نہیں ملتا۔ یہاں بھی تاج محل اور دلی کے لال قلعہ کے سوا مسلمانوں کی تہذیب کا کوئی نشان نہیں ملے گا'' (ماخوذ: دینی مدارس میں تعلیم ازسید منصور خالد)

اصولی طور پر مدرسہ جائے درس وتدریس کو کہا جاتا ہے، جہاں پر علوم کی تعلیم باقاعدگی سے دی جاتی ہو۔ انگریزی تسلط سے پہلے مدارس میں یہی دینی اور دنیوی تعلیم دی جاتی تھی اور ان ہی مدارس کے فارغ التحصیل دینی اور دنیوی امور میں تمام میدانہائے عمل میں اپنی جگہ بناتے تھے اور اونچے اونچے مناصب حاصل کرتے تھے۔ اس لئے اس وقت دینی اور دنیوی مدارس کی اصطلاح موجود نہیں تھی۔

انگریزوں نے اپنے مفادات کو آگے بڑھانے کے لئے اور مسلمانوں کو اپنی تعلیم سے دور رکھنے کے لئے جو نئے مدرسے بنائے ان میں محض دینی تعلیم برائے نام موجود تھی اور سارا زور دنیوی علوم پر مرکوز تھا۔ چنانچہ علما کرام نے انگریزی رائج کردہ نظام تعلیم کے بالمقابل مدارس کا جال بچھایا جہاں صرف دینی تعلیم دی جانے لگی کیونکہ دنیوی تعلیم انگریزی مدارس میں دی جارہی تھی۔ انگریزی مدارس کو اسکول اور کالج کے نام سے شہرت ملی اور اسطرح دینی اور دنیاوی مدارس کی اصطلاح رائج ہوئی۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ''لَقَد مَنَّ اللہُ عَلیَ المومنِینَ اِذْبَعثَ فِیهم رَسُولاً مِنْ أنفُسِهِم یَتلو عَلیهِم آیاتهِ و یُزَکّیهِم و یُعَلِمُهُمُ الْکتابَ والْحِکمَةَ وانْ کَانوا مِن قَبْلُ لَفِی ضَلالٍ مُبین''

ترجمہ: حقیقت میں اللہ تعالیٰ نے مومنین پر بڑا احسان کیا جب ان میں ان کی جنس سے ایک ایسے پیغمبر کو بھیجا کہ وہ ان لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی آیتیں پڑھ کر سناتے ہیں اور ان کا تزکیہ کرتے ہیں اور ان کو کتاب اور حکمت کی باتیں بتاتے ہیں اگر چہ یہ لوگ اس سے پہلے صریح گمراہی میں تھے''

اس آیت کریمہ میں حضور ﷺ کی چار صفات بیان کی گئی ہیں:

۱۔ تلاوت آیات

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

۲۔ تذکیہ نفوس

۳۔ تعلیم کتاب

۴۔ تعلیم حکمت

یہ چار امور آقائے دوجہاںؐ نے اپنی حیات مبارکہ میں انجام دیئے اور اب ان امور کی انجام دہی مدارس اسلامیہ کے فارغ التحصیل علما کے ذمے ہے۔

آنحضورﷺ کے زمانے سے لے کر آج تک دین اسلام کے تحفظ اور علوم اسلامیہ کی ترویج و اشاعت کے لئے مدارس اسلامیہ کے قیام کا عمل ہر دور میں جاری رہا۔ آپ کو جب مدینہ میں کچھ سیاسی استحکام ملا تو آپﷺ نے سب سے پہلے مسجد نبوی کی بنیاد رکھی جو در حقیقت دینی علوم و معارف کی اشاعت کے لئے ایک مرکزی ادارہ تھا جس میں کل وقتی طور پر تعلیم و تربیت کا انتظام موجود تھا۔ مقامی طلبہ کے علاوہ مسافر طلبہ کے لئے "صفہ" کے نام سے ایک علیحدہ قطعہ زمین کا تعین ہو چکا تھا۔ ان طلبہ کی اہم ضروریات مثلاً خوراک اور پوشاک اور دیگر وقتی ضروریات عام مسلمانوں کے ذمہ تھیں۔

آپﷺ کے بعد خلفائے راشدین نے بھی علوم دین کی اشاعت پر خصوصی توجہ دی، ہر علاقے میں معلمین مقرر کئے اور بیت المال سے ان کے لئے وظائف مقرر کئے۔ یہ سلسلہ اسی طرح چلتا رہا اور مختلف خلفا نے اپنے اپنے زمانوں میں مختلف مدارس بنوائے اور عالم اسلام کی علمی میدان میں پرورش کرتے رہے۔

ذیل میں عالم اسلام کی چند عظیم درسگاہوں کا ذکر کیا جاتا ہے۔

۱۔ **جامع القیر وان:** تیسری صدی ہجری کے نصف میں ایک عورت فاطمہ بت محمد بن عبداللہ القیر وانی نے لوگوں کے لئے ایک جامعہ تیار کی جو علوم و معارف کا مرکز رہا۔

۲۔ **الجامع الاعظم:** یہ بغداد میں ایک عظیم علمی مرکز تھا۔ جس میں حضرت امام اعظم ابوحنیفہ نے علمی و تدریسی خدمات انجام دیں۔ آج کل یہ علمی مرکز "کلیات امام اعظم" کے نام سے مشہور ہے۔

۳۔ **الجامع الأزہر:** ۳۵۹ھ میں اس عظیم علمی مرکز کی بنیاد رکھی گئی۔ یوم تاسیس سے لے کر آج تک تمام دنیا میں اس عظیم ادارے کو وہ مقام حاصل رہا جو مقام بیان نہیں۔ علامہ جلال الدین سیوطی، حافظ ابن حجر عسقلانی امام نووی وغیرہ کے علاوہ بے شمار فقہا، محدثین، اور مفسرین نے اسی چشمہ علم سے سیرابی حاصل کی ہے۔

۴۔ **المدرسۃ النظامیہ:** بغداد میں ۴۵۶ھ میں حکمران وقت نظام الملک طوسی نے بنایا تھا۔ امام غزالی جیسے بڑے علما کرام اس مدرسہ کے فیض یافتہ تھے۔

۵۔ **جامع زیتونیہ:** یہ مدرسہ تیونس میں مستنصر کی اہلیہ نے ۱۳۸۳ھ میں بنایا تھا اور آج تک قائم ہے اور جامع زیتونیہ کے نام سے مشہور ہے۔

۶۔ **دارالعلوم دیوبند:** ۱۲۸۳ھ میں مولانا محمد قاسم نانوتوی نے دیوبند ہندوستان میں اس کی بنیاد رکھی۔

۷۔ **ندوۃ العلماء:** ۱۳۱۶ھ میں اس کی بنیاد رکھی گئی۔ یہ ہندوستان میں ہے۔

دینی مدارس کا نصاب: ملا نظام الدین محمد سہالوی نے مدارس دینیہ کے لئے ایک نصاب ترتیب دیا تھا جس میں وقتاً فوقتاً تبدیلی

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

ہوتی بھی رہی لیکن آج تک برصغیر پاک وہند میں مدارس کے نصاب تعلیم کو اسی ملا نظام الدین کی نسبت سے درس نظامی بولا جاتا ہے۔ (بعض لوگ غلط فہمی سے اس درس نظامی کی نسبت نظام الملک طوسی کی جامعہ نظامیہ سے کرتے ہیں)

۱۔ علوم قرآن: اس میں قرآن مجید ناظرہ وحفظ (اختیاری) کے علاوہ تفاسیر قرآن اور علوم قرآن سے متعلق دوسری کتابیں پڑھائی جاتی ہیں۔

۲۔ علوم حدیث: اس میں صحاح ستہ (حدیث کی چھ مشہور اور مستند کتابیں) کے علاوہ اصول حدیث سے متعلق بے شمار کتابیں پڑھائی جاتی ہیں۔

۳۔ علوم فقہ: اس میں فقہ (اسلامی قانون) کی کتابوں کے علاوہ فقہ کے اصول کے بارے میں بے شمار کتابیں پڑھائی جاتی ہیں۔

۴۔ عقائد: اس میں عقیدے کی کتابیں پڑھائی جاتی ہیں۔

۵۔ ادب: اس میں عربی ادب کی مشہور ومعروف کتابیں پڑھائی جاتی ہیں۔

۶۔ علم الصرف والنحو: اس میں عربی گرائمر کو بڑے جامع انداز میں پڑھایا اور سکھایا جاتا ہے۔

۷۔ علم معانی وبیان وعرض: اس میں طلبہ کی عربی زبان کی صلاحیت اور ادبی ذوق کو بیدار کرنے کے لئے چیدہ چیدہ کتابیں پڑھائی جاتی ہیں۔

۹۔ فن مناظرۃ: اس میں طالب علم کو اس بات کا اہل بنانے کے لئے کہ اپنے عقیدے کو واضح انداز میں بیان کرسکے اور مدمقابل کے عقیدے کا ضعف یا کمزوری ظاہر کرسکے، مختلف کتابیں پڑھائی جاتی ہیں۔

۱۰۔ ہیئت وہندسۃ: اسمیں طالب علم کو ریاضی اور فلکیات سے متعلق ضروری علوم سکھائے جاتے ہیں۔

۱۱۔ طب: اس میں طالب علم کو انسانی جسم اس کی بیماریاں اور ان کے متعلق بعض ادویات کی تیاری اور ان کے استعمال کے بارے میں سکھایا جاتا ہے۔

۱۲۔ تاریخ: اس میں طالب علم کو تاریخ اسلام کے متعلق اہم کتابیں پڑھائی جاتی ہیں۔

ذیل میں کچھ اصلاحات کا تذکرہ کرتا ہوں جو میری نظر میں مدارس دینیہ کیلئے اشد ضروری ہیں۔

۱۔ میٹرک کی تعلیم: درس نظامی مین داخلے کیلئے میٹرک پاس ہونا شرط ہونا چاہیے کیونکہ اس سے طالب علم عصری تعلیم کا ایک پس منظر لے کر آئے گا۔ اسے بنیادی ریاضی، معاشرتی علوم اور جنرل سائنس کی معلومات حاصل ہونگی۔ اگر میٹرک کی شرط نہیں تو کم ازکم ایسی استعداد رکھتا ہو کہ درس نظامی کے پہلے یا دوسرے سال میں میٹرک کا امتحان دے سکے۔

۲۔ جدید تاریخ کا مضمون: درس نظامی کے مروجہ نصاب میں عالم اسلامی کی جدید تاریخ کے بارے میں کوئی قابل ذکر مواد موجود نہیں ہے جس کی وجہ سے ایک فارغ التحصیل عالم دین عام طور پر تاریخی تسلسل اور اہم واقعات کی ترتیب سے بے خبر رہ جاتا ہے۔

۳۔ جدید علوم سے آگاہی: دینی مدارس میں اس وقت مختلف علوم وفنوں پر جو کتابیں پڑھائی جاتی ہیں وہ بہت مفید اور ضروری ہیں لیکن ان کتابوں کے لکھے جانے کے بعد صدیوں علوم وفنون میں جو تحقیق ہوئی ہیں اور ہر علم میں نئے نئے شعبوں اور ابواب کا اضافہ ہوا ہے۔ علمائے کرام کا ان سے لاتعلق رہنا سراسر زیادتی ہے۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ انہی علوم وفنون میں سے لکھی جانے والی کتابوں کا انتخاب کیا جائے اور انہیں بھی شامل نصاب کیا جائے۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

۴۔ ذرائع ابلاغ سے شناسائی: ابلاغ عامہ کے تمام میسر ذرائع مثلاً پرنٹ میڈیا، الیکٹرانک میڈیا اور کمپیوٹر وغیرہ کے ساتھ ایسے مدارس کے طلبہ کی اس درجہ شناسائی اور مہارت ضروری ہے کہ وہ ان کے استعمال کی صلاحیت سے بہرہ مند ہوں اور ان ذرائع سے اسلام اور مسلمانوں کے خلاف ہونے والی کام کی نوعیت اور دائرہ کار کا ادراک کرتے ہوئے اس کے منفی اثرات کے تدارک کیلئے کردار ادا کرسکیں۔

۵۔ عام طلبہ کیلئے کورسز: دینی مدارس کو اپنے اردگرد رہنے والے عام شہریوں اور بالخصوص اسکولوں اور کالجز کے طلبہ کیلئے مناسب اوقات میں مختصر تدریسی کورسوں کا اہتمام کرنا چاہئے جن کے ذریعے وہ عربی گرائمر کے ساتھ قرآن مجید کا ترجمہ اور ضروریات زندگی کے حوالے سے حدیث وفقہ کا منتخب نصاب پڑھ سکیں۔

☆

معاشرتی خرابیاں اور اصلاح

عبدالرشید تھرڈ ایئر

یوں تو گوناگوں سماجی برائیوں نے چاروں طرف سے ہمارا احاطہ کر رکھا ہے جو ہماری اجتماعی زندگی کو اندر ہی اندر خطرناک بیماری کی طرح کھائے جا رہے ہیں۔ مگر ہماری ملّی زندگی کا سب سے زیادہ افسوسناک اور تکلیف دہ پہلو یہ ہے کہ خوف خدا مکمل ہمارے دلوں سے نکل چکا ہے۔ ایک لادینیت کی فضا ہے۔ جس نے پورے معاشرے کو اپنی لپیٹ میں لیا ہوا ہے۔ مال و دولت اور وسائل زندگی کی ہوس نے لوگوں کو وحشی حیوان بنا رکھا ہے۔ جس سے ہمارے معاشرے میں ہمدردی، ایثار، رحمدلی، محبت واخوت کے پاکیزہ جذبات اور لطیف احساسات ختم ہو کر رہ گئے ہیں۔ سیاسی میدان میں اصول پرستی اور قومی مفاد کی بجائے ذاتی مفاد کی پالیسی پر عمل کیا جا رہا ہے۔ جس سے بدعنوانیوں اور غلط کاریوں کا ایک نہ ختم ہونے والا سلسلہ جاری ہے۔ اِن تمام خرابیوں کی بنیادی وجہ یہی ہے کہ ہماری اکثریت خدا اور آخرت کی جواب دہی کے احساس سے نا آشنا ہو چکے ہیں اور دنیاوی زندگی کے ٹھاٹھ باٹھ کے سوا کچھ ہمیں نظر نہیں آتا۔ ہمارے معاشرے میں ایک بڑی خرابی یہ ہے کہ ہمارے سماجی شعور بالکل ناپید ہو چکا ہے۔ نہایت پریشان کن صورتِ حال ہے کہ لوگوں کی اکثریت قومی اور معاشرتی مسائل سے کوئی دلچسپی نہیں رکھتی۔ گویا اپنے ذاتی مفادات اور اپنے خاندان کے سوا نہیں کسی اور مسئلہ سے کوئی سروکار نہیں۔ ظاہر ہے جہاں خود غرضی، بے حسی اور لاتعلقی کا یہ عالم ہو کہ اپنے پڑوسی تک کی خبر نہیں۔ وہاں اجتماعی فلاح و بہبود کی کیا اُمید ہو سکتی ہے؟ ہمارے معاشرے میں ایک خرابی یہ ہے کہ ہر شخص اپنے کام کی ذمہ داری دوسروں پر ڈال کر خود اس سے بری الذمہ ہونا چاہتا ہے۔ جب تک ہم اپنے کردار کی اصلاح نہیں کریں گے ہمارے قومی ترقی کا خواب شرمندۂ تعبیر نہیں ہو سکے گا۔

ایک اور خرابی یہ ہے کہ ہم صرف باتوں سے کام نکالنا چاہتے ہیں۔ جبکہ یہ حقیقت ہے کہ محض باتیں نہیں عمل سے زندگی بنتی ہے۔ ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ نے جو کچھ اپنی زبانِ مبارک سے ارشاد فرمایا ہے خود اس پر عمل کیا۔

معاشرے میں ہر جگہ طاقتور کمزور کو دھکیلنے میں مصروف ہے۔ جھوٹ، فریب دھوکہ بازی اور بداخلاقی کو بہت بڑی اہمیت حاصل ہے ہمیں چاہیے کہ ہم اپنی اصلاح کریں اور قرآن پاک کی تعلیمات، رسول اکرم کی اسوہ حسنہ کو مشعلِ راہ بنائیں تب ممکن ہے کہ ہم ایک پاک و صاف معاشرہ قائم کرسکیں۔

☆☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

فضیلتِ علم

محمد رحیم مہر دشتی/ بی اے فائنل

ہر مسلمان کے لئے کم از کم اتنا علم حاصل کرنا فرض قرار دیا گیا ہے جس کی روشنی میں وہ جہالت کی روش سے اپنے آپ کو بچا کر اپنی زندگی کو صحیح خطوط یا راہ پر گامزن کر سکے۔ اس لئے کہ دین کا علم وفہم تمام بھلائیوں کا سرچشمہ ہے۔ جس کو یہ چیز ملی اس کو دین ودنیا کی سعادت ملی وہ اس سے اپنی پوری زندگی سنوارے گا اور دوسرے بندگان خدا کی زندگیوں کو بھی سنوارے گا۔

نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ:

علم کا حاصل کرنا ہر مسلمان مرد وعورت پر فرض ہے (بخاری ومسلم)

علم کے ساتھ تھوڑا سا عمل بھی تیرے لئے مفید ہوگا، لیکن جہالت کے ساتھ زیادہ عمل بھی فائدہ نہ پہنچائے گا (حاکم)

علم کی طلب میں نکلنے والا دراصل اللہ کے راستے میں نکلنے والا ہے۔

علم کا صرف اللہ کے لئے سیکھنا اللہ کے خوف کے حکم میں ہے۔

علم کی طلب میں کہیں جانا عبادت ہے۔

علم کا یاد کرنا تسبیح ہے۔

علم کی تحقیقات میں بحث کرنا جہاد ہے۔

علم کا پڑھنا صدقہ ہے۔

علم کو افراد تک پہنچانا قرب خداوندی کا ذریعہ ہے۔

علم جائز اور ناجائز پہچاننے کی علامت ہے۔

علم جنت کے راستوں کا نشان ہے۔

علم سفر کا ساتھی ہے۔

علم خوشی اور رنج میں دلیل ہے۔

علم دشمنوں پر ہتھیار ہے۔

علم دلوں کی روشنی ہے۔

علم آنکھوں کا نور ہے۔

علم کی وجہ سے بندہ امت کے بہترین افراد تک پہنچ جاتا ہے اور آخرت کے بلند رتبوں کو حاصل کر لیتا ہے۔

علم ہی سے رشتے جوڑے جاتے ہیں۔

علم ہی سے حلال وحرام کی پہچان ہوتی ہے۔

علم مومن کا سچا دوست ہے، علم وبردباری اس کا وزیر، عقل اس کی رہنما، عمل اس کا قائد، نرم خوئی اس کا باپ اور نیک عمل اس کا بھائی اور صبر اس لشکر کا سردار ہے۔

☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

مشہور موجد

ایڈیسن کے ذہنی حافظے کی کیفیت

نسیم دشتی بی۔اے فورتھ ایئر

ایڈیسن کا پورا نام تامس ایڈیسن تھا۔ بچپن میں اس کی یاداشت کمزور تھی، جوانی میں بھی یہی عالم رہا۔ وہ اسکول میں جو کچھ پڑھتا یا اُسے اُستاد پڑھاتا تو وہ فوراً بھول جاتا تھا۔ اسی سبب سے وہ نکما لڑکا سمجھا جاتا تھا۔ اس کے اساتذہ بھی اس سے نالاں تھے۔ جبکہ ڈاکٹروں نے اس کے سر کی بناوٹ دیکھ کر کہا تھا کہ یہ پاگل ہے اور اپنی عمر کے کسی حصہ میں بھی ذہنی طور پر بیکار ہو جائے گا۔ اس نے صرف تین ماہ اسکول کی تعلیم حاصل کی تھی۔ باقی ماندہ تعلیم اس کی ماں نے اسے گھر پر دی، اس کی ماں نے وہ معرکہ سرانجام دیا، جو بڑے بڑے اُستاد بھی سرانجام نہ دے سکے تھے۔ اور اسی تعلیم کی بدولت تھامس ایڈیسن نے اس موجودہ دنیا میں انقلاب برپا کر دیا۔

کہا جاتا ہے کہ ادھیڑ عمری میں اس کا حافظہ بہت اچھا ہو گیا تھا اور اس نے سائنس سے متعلق کئی فارمولے زبانی یاد کر لئے تھے۔ اسے اپنے موضوع کے علاوہ اور کچھ بھی یاد نہ رہتا تھا۔ اس کے متعلق مشہور ہے کہ ایک دن وہ سائنس کا کوئی مسئلہ حل کر رہا تھا کہ اُسے اپنے مکان کا ٹیکس ادا کرنے کیلئے ٹیکس کے دفتر جانا پڑ گیا۔ وہاں باری کا انتظار کرنے لگا، جب وہ کھڑکی پر پہنچا تو ٹیکس کلرک نے اس سے نام و پتہ پوچھا تو وہ اس کا منہ تکتا رہ گیا کیونکہ وہ اپنا نام تک بھی بھول چکا تھا۔ پاس ہی اس کا ایک پڑوسی کھڑا تھا اُس نے ایڈیسن کی مدد کرتے ہوئے کلرک کو اس کا نام و پتہ بتایا۔ ایک دور ایسا بھی آیا کہ ایڈیسن نے اپنے حافظہ کو بہتر بنانے کیلئے کئی جتن بھی کئے تھے۔ اس کی یاداشت سے متعلق ایک اور مشہور واقعہ یہ ہے کہ وہ رات کو کافی دیر تک اپنی لائبریری میں کام کرتا رہتا تھا۔ ایک دفعہ وہ تمام رات جاگ کر کام کرنے میں مشغول رہا حتیٰ کہ صبح کے ناشتے کا وقت ہو گیا وہ ناشتے کا انتظار کرنے لگا کہ اسے نیند آ گئی اور وہیں سو گیا۔ اس کے ایک معاون جس نے ناشتہ کر لیا تھا۔ اس نے اپنی خالی پلیٹیں ایڈیسن کے پاس رکھ دیں اور خود کام میں لگ گیا۔ جب ایڈیسن کی آنکھ کھلی تو اس نے پلیٹیں اپنے سامنے دیکھ کر سوچنا شروع کر دیا کہ شاید میں نے سونے سے پہلے ناشتہ کر لیا تھا اور یہی سوچ کر وہ کام میں لگ گیا۔

چند دیگر لوگوں کے ذہنی حافظے کی کیفیت:

۱۔ امریکہ کا مشہور ماہر لسانیات جس کا نام اسا کرے تھا اس کا حافظہ بہت ہی اچھا تھا۔ اس نے پچیس ہزار پودوں کے نام زبانی یاد رکھے ہوئے تھے۔

۲۔ جولیس سیزر کو اپنے ہزارہا سپاہیوں کے نام یاد تھے۔

۳۔ سر فرانس بیکن اپنی کتابوں کو زبانی لکھوانا زیادہ پسند کرتا تھا۔

۴۔ ابراہام لنکن جب کوئی بات یاد کرنا چاہتا تو اسے باآواز بلند پڑھا کرتا تھا۔

۵۔ لارڈ بائرن کا دعویٰ تھا کہ اسے اپنے اشعار زبانی یاد ہیں۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

۶۔ مشہور اور عظیم مورخ میکالے کا حافظہ سب سے بہترین تھا وہ اگر کسی کتاب کا ایک ورق دیکھ لیتا تو اس کی فوٹو اس کے ذہن پر ہمیشہ کے لئے نقش ہو جاتی۔ اگر کتاب کا باب ایک مرتبہ پڑھ لیتا تو وہ باب اسے لفظ بہ لفظ یاد رہ جاتا۔ اس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ میکالے نے ملٹن کی مشہور تصنیف ''جنتِ گم گشتہ'' ایک ہی رات میں یاد کرلی تھی۔

۷۔ دنیا کی سب سے بڑی دوسری یونیورسٹی جامعہ الازہر'' جو قاہرہ میں ہے، اس یونیورسٹی میں ہر لڑکے کو دسویں کا امتحان پاس کرنے کے لئے قرآن پاک حفظ کرنا لازمی ہوتا، اگر وہ حافظ قرآن نہ ہو، تو میٹرک پاس کرنے کی سند اس کو نہیں دی جاتی۔

۸۔ ایل روز جیک نام کا ایک شخص مشیکن (مچی گن) ریاست کا رہنے والا تھا۔ اس کے حافظے کے بارے میں یہ بھی کہا جاتا ہے وہ حیرت انگیز تھا، وہ بیس سال تک مختلف کالجوں کے طلبا کو مخاطب کرکے کہتا رہا کہ میرا نام ایل روڈ جیک ہے۔ میں تاریخ کے ہر واقعہ کا جواب درست دے سکتا ہوں۔ تم جو چاہو مجھ سے پوچھو۔ کالج کے کسی طالب نے پوچھا سقراط نے شادی کی ہوگی۔ اس کی بیوی کی عمر بتاؤ؟ اس نے جواب دیا: سقراط نے چالیس سال کی عمر میں انیس سالہ دوشیزہ سے شادی کی تھی۔

۹۔ آج کل ممبئی کے ڈاکٹر ذاکر نائک کے حافظے کا شہرہ ہے۔ ڈاکٹر ذاکر جو مبلغ اسلام کی حیثیت سے عالمی شہرت رکھتے ہیں۔ قرآن وحدیث کے حافظ ہونے کے علاوہ دیگر تمام الہامی کتابوں کے حافظ ہیں۔ حتیٰ کہ ہندوؤں کی مذہبی کتب بھی انہیں زبانی یاد ہیں۔

☆☆☆

ایک مسلمان کا عقیدہ

موزل ملنگ شاہ جوسکی/گرلز کالج تربت

عقیدہ دراصل ایک عہد ہے جو بندہ اپنے اللہ سے کرتا ہے۔ اس عہد کے ذریعے وہ تسلیم کرتا ہے کہ: اللہ ایک ہے۔
اللہ تعالیٰ ہی عبادت اور بندگی کے لائق ہے اور اس کے سوا کوئی بندگی کے لائق نہیں۔
اس کا کوئی شریک نہیں ہے۔
وہ ہر بات جانتا ہے، کوئی چیز اس سے پوشیدہ نہیں۔
وہ بڑی طاقت اور قدرت والا ہے۔
اسی نے زمین، آسمان، چاند، سورج، ستارے، فرشتے، آدمی، جن غرض تمام جہان کو پیدا کیا ہے اور وہی تمام دنیا کا مالک اور خالق ہے۔
وہی مارتا ہے وہی جلاتا ہے، یعنی مخلوق کی زندگی اور موت اس کے حکم سے ہوتے ہیں۔
وہی تمام مخلوق کو روزی دیتا ہے۔ وہ نہ کھاتا ہے نہ پیتا ہے نہ سوتا ہے۔
وہ خود بخود ہمیشہ ہے اور ہمیشہ رہے گا۔
اس کو کسی نے پیدا نہیں کیا، نہ اس کا باپ ہے نہ بیٹا نہ بیٹی نہ بیوی نہ کسی سے اس کا کوئی رشتہ ناطہ ہے، وہ ان تمام تعلقات سے پاک ہے۔
سب اس کے محتاج ہیں، وہ کسی کا محتاج نہیں اور اس کو کسی چیز کی حاجت نہیں۔ وہ بے مثل ہے، کوئی چیز اس کے مشابہ یعنی اس جیسی نہیں۔
وہ تمام عیبوں سے پاک ہے۔ وہ مخلوق جیسے ہاتھ پاؤں، ناک، کان اور شکل وصورت سے پاک ہے اس نے فرشتوں کو پیدا کرکے دنیا کے انتظاموں اور خاص خاص کاموں پر مقرر فرمادیا ہے۔
اس نے اپنی مخلوق کی ہدایت کے لئے پیغمبر بھیجے کہ لوگوں کو سچا مذہب سکھائیں۔ اچھی باتیں بتائیں اور بری باتوں سے بچائیں۔ اس نے حضرت محمد ﷺ کو اپنا آخری رسول بنا کر بھیجا اور ان پر نبوت ختم کردی۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

اسلام اور احترامِ آدمیت

ندیم اکرم لیکچرار اسلامیات

جان و مال کی حرمت اور انسانیت کا احترام ہر انسان کی بنیادی ذمہ داریاں ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے کائنات کی ہر چیز کو انسان کی بھلائی کے لئے پیدا کیا ہے، چاند، سورج، ستارے، ہوا، بادل، سمندر ہر چیز انسان کو آرام اور سکون مہیا کرنے کا سبب بنتی ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ انسانی اعمالِ بد کی بناء پر یہی آرام دہ چیزیں اُسکے لیے وبالِ جان بن سکتی ہیں۔

تمھیں جو بھی بھلائی حاصل ہوتی ہے۔ اللہ کی عنایت سے ہوتی ہے اور جو مصیبت تم پر آتی ہے تمھارے اپنے کسب و عمال کی وجہ سے۔ (النساء۴:۷۹)

انسان کے پاس جو کچھ ہے مال و متاع دولت، عمر و صحت، علم و عمل، اولاد غرض ہر چیز اللہ کی امانت ہے۔ حتیٰ کہ انسان کی اپنی جان بھی امانت ہے۔ یعنی اگر کوئی شخص خود اپنی جان کو ہلاک کرنا چاہے تو بھی نہیں کرسکتا۔ اسلام میں خودکشی کرنا حرام ہے حالانکہ یہ ایسی صورت ہے کہ بظاہر اس سے کسی کو نقصان نہیں پہنچتا بلکہ خودکشی کرنے والا خود اپنی جان دے کر اپنی ہی دنیا ختم کردیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے نفس کو لائق حرمت ٹھرایا ہے اسی لیئے اس کی دھجیاں اُڑانا بڑا جرم قرار پایا ہے۔ دنیا ایک امتحان گاہ ہے۔ جس میں انسان کو طرح طرح سے آزمایا جاتا ہے۔ لہٰذا انسان کا کام یہاں کی تکالیف و مصائب کو برداشت کرنا ہے نہ کہ اس سے تنگ آکر اپنی یا کسی اور کی جان لینی ہے۔ ''جو کسی مومن کو جان بوجھ کر قتل کردے تو اسکی جزا دوزخ ہے۔ (النساء ٦_٩٣)

مال کی حرمت کے لیے ہر طرح کی چوری، قمار بازی، رشوت، سود خوری، فضول خرچی، ناپ تول میں کمی اور ذخیرہ اندوزی کو منع فرمایا گیا ہے اور یہ تمام برائیاں ظلم کے زمرے میں لائی گئی ہیں۔ رسول اکرم ﷺ کا ارشاد ہے'' خدا نے جو تم کو دیا ہے اس پر راضی رہو تو سب سے بڑھ کر دولت مند ہو جاؤ گے'' گویا مال کے حصول میں قناعت اور تشکر کو بھی ایک پسندیدہ فعل قرار دیا گیا ہے۔ انسان کی خواہشات لامحدود ہیں۔ خواہشات کی اس تقسیم میں ہر انسان کوشش کرتا ہے کہ وہ کسی بھی طریقے سے جلد از جلد وہ تمام چیزیں حاصل کرے جو دوسرے لوگوں کے پاس موجود ہیں۔ اس بھاگ دوڑ میں وہ جائز اور ناجائز ذرائع استعمال کرتا ہے۔ جبکہ قدرت کا نظام جائز طریقے سے جستجو کرنے پر زور دیتا ہے۔ یقیناً اس میں دیر ضرور ہے مگر ہر چیز اپنے وقت پر ہی باعثِ تسکین ہوتی ہے۔

رسولؐ کی نبوت سے پہلے جاہلیت کے ایام میں انسانیت دم توڑ چکی تھی۔ مثلاً بتوں پر انسانوں کی قربانی دی جاتی تھی، باپ کی منکوحہ بیٹے کو وراثت میں ملتی تھی۔ حقیقی بہنوں سے ایک ساتھ شادی کی جاتی تھی۔ ازواج کی کوئی حد نہیں تھی، قمار بازی، شراب نوشی، زناکاری کا رواج عام تھا یہی نہیں عرب میں کسی خاندان کا کوئی شخص اگر قتل ہو جاتا تو اسکا انتقام وہ قومی فریضہ بن جاتا تھا کہ خون بہاتے بہاتے صدیاں گزر جاتی تھیں۔ قتلِ ناحق کا رواج عام تھا، یہاں تک کہ اپنی اولاد کو قتل کرنا باعثِ فخر سمجھا جاتا تھا۔ اسی طرح قاتل کے بجائے اُسکے بھائی یا کسی دوسرے رشتہ دار کو قتل کرنا باعثِ افتخار ہوا کرتا تھا۔ افسوس کہ جاہلیت کا یہ طریقہ آج بھی شدت سے جاری ہے اور کئی تعلیم یافتہ اشخاص بھی اس شیطانی کام میں مبتلا ہیں۔ رسولؐ جب اپنی تعلیمات کو لیکر اُٹھے تو اس کا اثر نہ صرف ایک مخصوص طبقہ میں نمایاں ہوا بلکہ یہ اسلامی، اصلاحی، اور اخلاقی دعوت بہت جلد ہر سو پھیل گئی۔ آپ مکہ میں پیدا ہوئے لیکن کبھی کسی بت کے آگے نہیں جھکے، رسومِ جاہلیت میں شرکت نہیں کی، قریش کے لئے ایامِ حج

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

میں عرفات جانا ضروری نہیں تھا۔ اسی طرح باہر کے لوگوں کے لیے یہ ضروری تھا کہ وہ قریش کے لباس کو زیب تن کریں یا بغیر لباس کے طواف کریں۔ جس کی وجہ سے لباس کے بغیر طواف کرنے کا عام رواج تھا۔ لیکن آپؐ نے کبھی بھی اپنے خاندان کا ساتھ نہ دیا۔

انسانیت کی گرتی ہوئی صورتِ حال کے پیش نظر ہر لحہ یہ ضرورت موجود رہتی ہے کہ خدا اور رسول ﷺ کے احکامات پر عمل کیا جائے۔ کیونکہ آپؐ کے ظہور کا مقصد نہ صرف جہالت کی تاریکیوں کو دور کرنا تھا بلکہ مختلف خداؤں کی بجائے خدائے واحد کی بندگی، صحیح اور غلط کاموں میں تفریق کا درس، کمزور اور طاقت ور میں مساوات اور سب سے بڑھ کر ضرورت احترامِ انسانیت تھی۔ تاکہ احسن تخلیق کو گمراہیوں سے نجات مل سکے۔

اسلامی تعلیمات کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ کسی اور کو قتل کرنا یا اپنی جان لینا تو کجا بیمار ہونے کی صورت میں مناسب علاج نہ کرانے سے بھی منع کیا گیا۔

حدود اور تعزیرات کے اکثر قوانین ہجرت کے چند برس بعد نازل ہوئے لیکن انسان کی جان کی حرمت کا حکم مکہ میں اُتر چکا تھا۔ معراج کے سلسلے میں احکام جو بارگاہِ الٰہی سے نازل ہوئے ان میں سے ایک یہ بھی تھا۔

''خدا نے جس جان کو حرام کیا ہے اس کو ناحق نہ مارو، اور جو ناحق مارا جائے اسکے وارث کو ہم نے اختیار دیا ہے چاہیکہ وہ قصاص میں زیادتی نہ کرے۔ اس کی مدد کی جائے۔ (الاسرا ۱۷:۳۳)

چھ ہجری میں رہزنوں کے لئے حد مقرر کی گئی اور آپؐ نے رہزنوں کو قتل کروایا۔ جنھوں نے عرینہ کے قبیلے کے لوگوں کو قتل کر کے مویشیوں کو لوٹا تھا۔

اسلامی قانون نے قتل بالحق کو صرف پانچ صورتوں تک محدود کیا ہے۔ اول قتل عمد کے مجرم سے قصاص، دوم دینِ حق کے راستے میں مزاحمت کرنے والوں سے جنگ، سوم اسلامی نظامِ حکومت کو الٹنے والوں سے جنگ، چہارم شادی شدہ مرد یا عورت کو ارتکاب زنا کی سزا، پنجم ارتداد کی سزا، قتل میں حد سے گزرنے کی متعدد صورتیں ہیں جو سب منع کی گئی ہیں۔

انسانی جان کے تقدس کیلئے زنا کو حرام قرار دیا گیا ہے اور اس سلسلے میں اسلامی تعلیمات کے حوالے سے اگر شادی شدہ مرد یا عورت زنا کا ارتکاب کریں تو انہیں سنگسار کیا جائے گا۔ جبکہ کنوارے مرتکبِ زنا ہوں تو انہیں سو درے لگائے جائیں گے۔ اسی طرح عورت کا کردار اور تقدس مجروح کرنا نہ صرف بے حرمتیِ جسم و جان ہے بلکہ یہ انسانیت کی توہین ہے۔ چنانچہ قذف یعنی پاک دامن عورتوں پر تہمت لگانے کی سزا پانچ ہجری میں نازل ہوئی۔

شرم حیا عورت کا زیور ہے۔ اس کی حرمت اسی میں ہے کہ وہ اسے برقرار رکھے۔ دعوتِ نظارہ دینا بھی دلوں میں ہیجان برپا کرتا ہے۔ ابتداء میں یہ گناہ کی چھوٹی سی شکل ہو سکتی ہے مگر بعد میں یہ کبیرہ گناہوں کا سبب ہوا کرتی ہے۔ اسی طرح شراب کا استعمال بھی حرام قرار دیا گیا، کیونکہ نشہ کی حالت میں انسان خود پر قابو نہیں رکھ سکتا اور اُس سے بڑے بڑے گناہ سرزد ہو سکتے ہیں۔

آپؐ کے عہدِ مبارک میں اس کی حد مقرر نہیں تھی، لیکن حضرت عمرؓ نے اپنے عہدِ خلافت میں اس کی حد 80 کوڑے مقرر کی۔

جان کے بعد مال کا درجہ آتا ہے چنانچہ آپؐ نے دس ہجری حجۃ الوداع کے موقع پر فرمایا:

مسلمانو! ہر مسلمان کی جان، مال اور آبرو اسی طرح قابلِ حرمت ہے، جس طرح اس محترم شہر میں اس احاطہ حرم میں یہ مقدس دن قابلِ حرمت ہے''

خدا تعالیٰ کی خوشنودی کے لیے دیا جانے والا مال باعثِ حرمت ہے۔ وہ جس شکل میں بھی دیا جائے۔ زکوٰۃ، صدقہ، خیرات کے اپنے

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

درجات ہیں۔ جن کا اجر اللہ ہی کے پاس ہے۔ زکوٰۃ کا ذکر قرآن میں کئی مقامات پر آیا ہے۔

اسلام دولت کی منصفانہ تقسیم کا درس دیتا ہے اور دولت کو کسی ایک شخص کے پاس جمع نہ رکھنے کا درس دیتا ہے۔ جسکی بنیادی وجہ یہ بتائی کہ اس طرح بڑے اور چھوٹے کا فرق پیدا ہوتا ہے۔

اسی طرح ناجائز طریقوں سے حاصل کیا جانے والا مال حرام قرار دیا گیا ہے۔ مثلاً چوری، ناپ تول میں کمی، سود خوری اور رشوت وغیرہ۔

چور کے متعلق قرآن ہمیں آگاہ کرتا ہے۔ کہ اُسکے ہاتھ کو کاٹا جائے۔ اسی طرح آپ کا ارشاد ہے کہ یتیم کے مال کو کھانے والا اپنے پیٹ میں آگ بھرتا ہے۔ الغرض مطالعہ قرآن وحدیث سے پتہ چلتا ہے کہ انسان خدا تعالیٰ کی عمدہ ترین تخلیق ہے، جس پر اس ذاتِ اقدس کا کرم اور فضل اس قدر عظیم ہے کہ اسکی مثال نہیں ملتی۔ یہ انسان کی خوش قسمتی ہے کہ اُسے سوچنے اور سمجھنے کی صلاحیت دی گئی ہے۔ اُسے ان تعلیمات سے آشنا کیا گیا ہے جن کے ذریعے جان، مال اور آبرو کا تحفظ ممکن ہو۔ اسے رہبانیت، بربریت، اور عریانیت سے بچنے کا درس دیا گیا۔ اسلام نے احترام انسانیت اور اسکی قدر و منزلت میں اتنا اضافہ فرمایا کہ انسان بننا فرشتہ بننے سے بہتر قرار پایا۔ سائنسی علوم وفنون کی ترقی سے کائنات کی وسعتوں کو چھونے میں مدد ملی ہے۔ مگر خود سائنس حیران ہے کہ مشینی انسان تو بنالیا لیکن اس میں روح نہیں پھونکی جاسکتی، کاغذی پھول تو ڈیزائن کرلیے مگر خوشبو کہاں سے لائیں؟ اصل اور نقل میں کیا فرق ہے؟ وہی جو طاقتور اور کمزور میں ہوتا ہے! پھر ایسی ذات کے احکامات کو کیوں نہ تسلیم کیا جائے جو سب طاقتوروں سے زیادہ طاقتور ہے۔

یہ خیال ہی باطل ہے کہ جو کچھ ہے ہماری دنیا کی زندگی ہے اور ہمارا جینا مرنا ترقی وتنزل سب حالات کے رحم وکرم پر ہے۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ ایک ایک چیز کا حساب ہونا ہے چاہے جان ہو مال ہو جو مطلق ہے، کیونکہ جس نے پہلی دفعہ پیدا کیا ہے۔ وہی دوبارہ زندہ کریگا۔ لہٰذا ہر چیز کا استعمال بہترین طور پر ہونا چاہیے۔ جان و مال کی حرمت کا تقاضہ بھی یہی ہے کہ کسی انسان کو کوئی تکلیف نہ پہنچے، چنانچہ اسلامی تعلیمات میں بہتری کے راستوں کی بھرپور تلقین کی گئی ہے، جس میں تمام انسانیت کا احترام اور تقدس موجود ہے۔

☆☆☆

زندگی کیا ہے؟

اورنگزیب/ بی ایس سی

زندگی بند کلی ہے، جسے کھلنے اور مرجھانے میں دیر نہیں لگتی۔

زندگی کتاب ہے جس کے ورق پلٹنے اور بند ہونے میں وقت نہیں لگتا۔

زندگی شمع ہے جو جلتے جلتے آخر کار بجھ جاتی ہے۔

زندگی قلم ہے جس کی سیاہی ختم ہو جاتی ہے۔

زندگی موت کا سایہ ہے۔

زندگی، اللہ تعالیٰ کی امانت ہے۔

زندگی پانی ہے جسے ہوا کی طرح موت لے اڑتی ہے۔

زندگی سمندر ہے جس کی گہرائی موت ہے۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

اوزون گیس

پروفیسر خلیل الرحمان

آپ نے اکثر سنا ہوگان کہ اوزون کی تہہ میں شگاف پڑ گیا ہے۔اور یہ بڑھ رہا ہے یا اوزون گیس کا غلاف پتلا ہو رہا ہے۔ ماہر ماحولیات سر جوڑ کر بیٹھے ہیں اور تدابیر سوچ رہے ہیں کہ اوزون کی تہہ کو ختم ہونے سے کیسے بچایا جائے۔

آیئے ہم دیکھیں کہ یہ اوزون کیا ہے؟ انسانوں اور جانداروں پر اسکے کیا نتائج مرتب ہوتے ہیں؟۔اس کی تہہ میں کمی کے اسباب کیا ہیں؟

اوزون کیا ہے؟ اوزون آکسیجن کے تین ایٹم سے ملکر بننے والا مالیکیول ہے۔ یہ تیز عمل انگیز اور ناقیام پذیر گیس ہے۔اس کے ایٹون کے درمیان آکسیجن کی نسبت کمزور قوتِ کشش پائی جاتی ہے کہ یہ گیس قدرتی حالت میں فضاء میں کرہ ہوائی کے خاص زون میں پائی جاتی ہے۔ جسے Stratosphere کہتے ہیں۔ Stratosphere زون 10-60 کلومیٹر کی بلندی پر واقع ہے۔اس زون میں اوزون نے زمین کی گرد ایک غلاف بنایا ہوا ہے ۔جو سورج سے خارج ہونے والی زہریلی الٹراوائلٹ شعاعوں کو جذب کر لیتی ہے،اور زمین تک پہنچنے سے روکتی ہے۔

فضا میں آکسیجن کی ایک خاص مقدار پائی جاتی ہے۔یعنی 21%۔ یہ آکسیجن فضاء کے بلند زون میں پہنچ جاتی ہے۔الٹراوائلٹ شعاعوں کی موجودگی میں آکسیجن کے ایٹم جدا ہو جاتے ہیں۔آزاد ایٹم آکسیجن (O_2) کے دو ایٹم سے ملکر اوزون گیس بناتے ہیں۔O_3 اوزون کا فارمولا ہے۔فضاء میں اوزون مالیکیول اور آکسیجن مالیکیول مین توازن پایا جاتا ہے۔اگر آکسیجن کے مالیکیول فضاء میں کم ہوں تو اوزون کے مالیکیول ٹوٹ کر آکسیجن گیس بنا دیتے ہیں۔اور توازن جوان دو گیس میں پایا جاتا ہے برقرار رہتا ہے۔

اگر اوزون اور آکسیجن گیس کی اہمیت کا مقابلہ کیا جائے تو یقین سے کہا جاسکتا ہے کہ دونوں اہم ہیں۔کہا جاتا ہے کہ زندگی کی ابتداء پانی سے ہوئی اور سب سے پہلے ایک سیل کے جاندار سمندر اور تالابوں میں پیدا ہوئے۔ بعد میں یہ خشکی پر آگئے کیونکہ خشکی پر آکسیجن وافر مقدار میں مہیا ہوسکتی ہے۔ یہ مفروضہ اب غلط مانا جاتا ہے کیونکہ بہت سے جاندار آکسیجن کے بغیر بھی زندگی گزارتے ہیں اور آکسیجن تو ویسے بھی دوسرے درجے کے کیمیائی عمل کے لئے ضروری ہے جو کہ زندگی کے لیئے ضروری ہوتے ہیں۔

آکسیجن گیس کرہ ہوائی کے بلند زون کے علاوہ زمین کی سطح سے صرف 7 کلومیٹر کے زون میں کثرت سے پائی جاتی ہے۔صنعتی شہروں اور بلند و بالا عمارتوں کے شہروں میں ہوا کی رفتار میں رکاوٹ اور بارش کی اوسط مقدار کم پائی جاتی ہے۔ مثلاً لاس انجلیس اور میکسیکو سٹی میں photo Chemicalfog زیادہ ہے یہ Fog سورج کی روشنی سے عمل کر کے اوزون گیس بناتا ہے۔یہ اوزون انسانی صحت پر مضر اثرات ڈالتی ہے۔اور خلیوں کی موت اور ان میں جینیاتی تبدیلی کا باعث بنتی ہے۔تاہم وہ اوزون جو کہ بلند کرہ ہوائی میں موجود ہے وہ جانداروں اور انسانوں کیلئے مفید ہے۔اوزون کی انسانوں اور جانداروں کیلئے کیا اہمیت ہے؟۔

جب زمین پر زندگی کی ابتداء تالابوں میں ہو چکی تھی، پر زندگی ناممکن تھی اسکی وجہ یہ ہے کہ DNA جو کہ جانداروں کے خلیوں میں موجود تھا وہ سورج سے آنیوالی الٹراوائلٹ شعاعوں کو جذب کر لیتا تھا اور انکے زہریلے اثر کیوجہ سے مرجاتا تھا۔ لاکھوں سالوں بعد فضاء میں

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

اوزون گیس (O_3) کا غلاف بنا۔ اگر O_3 گیس نہ ہوتی تو خشکی پر زندگی کا وجود نا ممکن تھا۔

اوزون الٹراوائلٹ شعاعوں کو زمین تک پہنچنے نہیں دیتی ہیں۔ پودے زندہ نہیں رہ سکتے۔ اوزون گیس کی کم ہونے کی وجوہات کیا ہیں؟۔

ماہرین نے تحقیقات کے بعد کھوج لگایا ہے کہ Chlorofluoro Carbons قسم کے مرکبات اوزون میں کمی کا سبب بنتے ہیں۔ CFCS میں سے کلورین کا ایک ایٹم اوزون گیس کے ایٹم سے مل کر ایک نیا مرکب clo یعنی کلورین مونو آکسائیڈ بنا ڈالتی ہے۔ جو کہ تیز عامل ہے۔ یہ کلورین مونو آکسائیڈ clo اوزون کے ایک ایٹم سے ملکر کلورین ڈائی آکسائڈ بناتی ہے۔ کلورین ڈائی آکسائڈ الٹراوائلٹ شعاع کی موجودگی میں ایک کورین ایٹم آزاد کردیتی ہے۔ جو کہ پھر ایک اوزون کے مالیکیول سے ملکر دوبارہ clo بناتی ہے اور یہ سلسلہ چلتا رہتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ صرف ایک کلورین ایٹم اوزون کے ایک لاکھ مالیکیول کو توڑنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

اس وقت دنیا میں اوزون کی تہہ میں 4-5% کی صرف 1980 تک دیکھی گئی ہے اور پیشین گوئی کی گئی ہے کہ 2050ء تک مزید 10% کمی واقع ہوجائے گی اور دنیا میں اوزون کی تہہ میں کمی اور الٹراوائلٹ شعاعوں کے زیرِ اثر تقریباً 3 ارب انسان جلد (skin) کے سرطان (Cancer) میں مبتلا ہوجائیں گے

کچھ ممالک اب بھی CFCS گیس کو ریفریجریٹر، ائرکنڈیشنز میں استعمال کررہے ہیں۔ cfcs کو خوشبو پیدا کرنے والے مرکبات (Eau-De-cologne) میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ اہل دنیا کو چاہیے کہ cfcs کے مرکبات بنانے، انہیں استعمال کرنے پر پابندی لگائیں کیونکہ اب تک جتنی cfcs ہوا میں داخل ہوچکی ہے یہ بھی کئی سو سال تک فضاء کو آلودہ کرتی رہے گی۔

☆☆☆

ضمیر کی آواز

اعجاز احمد تھرڈ ایئر

خداوند کریم نے ہمارے اندر ایک ایسا دوست پیدا کیا ہے، جو ہر وقت ہمیں بری باتوں سے روکتا ہے۔ چنانچہ جب ہم کسی برے کام کا ارادہ کرتے ہیں تو ہمارا دل زور زور سے دھڑ کنے لگتا ہے یہ گویا خطرے کی گھنٹی ہے جو بجنے لگتی ہے۔ سانس پھولنے لگتا ہے۔ گھبراہٹ سی محسوس ہوتی ہے اور اندر سے ہی ایک آواز سنائی دیتی ہے جو بار بار کہتی ہے "یہ کام نہ کرو، یہ گناہ ہے، اس سے اللہ ناراض ہوگا، خاندان کی عزت جائے گی اور تم ہمیشہ کیلئے بدنام ہوجاؤ گے۔ اس سے باز آجاورنہ بعد میں پچھتاؤ گے، بعد میں پچھتانے کا کوئی فائدہ نہیں۔ اب بھی وقت ہے باز آجاؤ"۔

ہمارے اس عظیم دوست کا نام "ضمیر" ہے اور اللہ تعالیٰ نے اسے ہمارا محافظ بنا کر رکھا ہے۔ اس اچھے دوست ضمیر کے ساتھ ساتھ ہمارا ایک برا دوست بھی ہے جو ہمیں ہر وقت برے کاموں پر اکساتا ہے۔ برے برے خیالات ہمارے دماغ میں جمع کرتا ہے۔ دلفریب و دلکش نقشے باندھتا ہے اور طرح طرح کی ترکیبیں بتاتا ہے وہ ہمیں بار بار کہتا ہے "کیوں گھبراتے ہو یار! آگے بڑھ کر یہ کام کرلو اس کا لطف اٹھاؤ۔ پھر جو ہوگا دیکھا جائے گا۔ جھوٹ بول کر اپنی جان بچالینا۔ دیکھو اس موقع کو ہاتھ سے نہیں جانے دینا۔ ایسے نادر مواقع بار بار نہیں آتے۔ اس سنہری موقع کو غنیمت سمجھ کر لطف اٹھانا اور جو کچھ ہوگا بعد میں دیکھا جائے گا۔ اس برے دوست کو نفس کہتے ہیں۔ اگر ضمیر آپ کا حاکم بن جاتا ہے تو دنیا و آخرت کی سربلندی اور کامیابی آپ کا مقدر بن جائے گی۔

اور اگر نفس آپ پر غالب ہوجائے تو اس دنیا میں بھی ذلت وخواری اور آخرت میں بھی رسوائی و بربادی سے دوچار ہونا پڑے گا۔ ہماری ترقی اور کامیابی اسی میں ہے کہ ہم ضمیر کی بات مان لیں۔ ☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

جناب طارق ایوب صاحب سیکریٹری تعلیم حکومت بلوچستان کا دورہِ گورنمنٹ عطاشاد ڈگری کالج وگرلز ڈگری کالج تربت

تربت اپنے محل وقوع کے اعتبار سے صوبائی دارالحکومت سے خاصا دور واقع ہے۔ اس پر مستزاد یہ کہ صوبائی دارالحکومت سے رابطہ کے لئے پختہ سڑک بھی نہیں ہے۔ ہوائی سروس میسر ہے، مگر ہفتہ میں صرف ایک روز اور وہ بھی یکطرفہ۔ غالباً یہی وجہ ہے کہ صوبائی مرکز سے کم ہی کوئی اعلیٰ عہدیدار ادھر کا رخ کرتا ہے۔

لیکن یہ ہماری کوش نصیبی ہے کہ محکمہ تعلیم میں نئے تشریف لانے والے سیکریٹری جناب طارق ایوب صاحب نے چارج سنبھالتے ہی پہلی فرصت میں تربت کا قصد کیا اور یہاں کے تعلیمی اداروں کا تفصیلی دورہ کیا۔ جناب طارق ایوب صاحب دسمبر کی سات تاریخ کو براستہ کراچی تربت پہنچے۔ اسی روز آپ نے بلوچستان ریذیڈنشل کالج تربت بوائز ماڈل ہائی سکول، گرلز ماڈل سکول کے علاوہ گورنمنٹ عطاشاد ڈگری کالج تربت اور گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج تربت کا تفصیلی دورہ بھی کیا۔ پہلے آپ بوائز کالج تشریف لائے۔ کالج کے پرنسپل پروفیسر عبدالرزاق خان اور کالج سٹاف نے ان کا استقبال کیا۔ جناب سیکریٹری صاحب نے تھوڑی دیر کے لئے سٹاف روم میں کالج کے سٹاف کے ساتھ تبادلہِ خیال کیا۔ اساتذہ کرام کے ساتھ تعارف کے بعد انہوں نے اساتذہ سے ان کے مسائل سنے اور ان کے حل کے سلسلے میں یقین دہانی کرائی۔ بعد ازاں طارق ایوب صاحب نے اساتذہ کرام کو ان کی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کا احساس دلاتے ہوئے انہیں اس پیشہ کے تقدس کو برقرار رکھنے کی تلقین کی۔ انہوں ے کہا کہ اساتذہ کو پوری دیانتداری، محنت اور لگن کے ساتھ طلبہ کو زیورِ علم سے آراستہ کرنا چاہیے تاکہ یہ طلبا اس ملک کے بہترین شہری بن سکیں۔

اساتذہ کرام سے ملاقات کے بعد جناب طارق ایوب صاحب کالج آڈیٹوریم تشریف لئے گئے۔ جہاں بڑی تعداد میں کالج کے طلبہ ان کے استقبال کے لئے موجود تھے۔ جناب طارق ایوب صاحب نے روایتی تکلفات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اور سٹیج پر براجمان ہونے کی بجائے نیچے اتر کر اور طلبہ کے انتہائی قریب کھڑے ہو کر نہایت بے تکلفی سے ان سے گفتگو کی۔ سب سے پہلے انہوں نے طلبہ کو ان کی اولین ذمہ داری یعنی حصول تعلیم کی اہمیت سے آگاہ کیا۔ آج کے سائنسی دور میں تعلیم کی اہمیت ان پر واضح کی۔ آپ نے طلبہ کو نصیحت کی کہ وہ روشن مستقبل کے لئے پوری محنت، لگن اور ذمہ داری کے ساتھ جدوجہد کریں اور ساتھ ہی ساتھ اپنے اساتذہ کا پورا پورا احترام بھی کریں۔ بعد ازاں طلبہ سے ان کے تعلیمی مسائل پر گفتگو ہوئی۔ طلبہ نے بتایا کہ کالج کا اہم ترین مسئلہ سٹاف کی کمی ہے۔ اس وقت کالج میں فزکس اور حساب کے مضامین پڑھانے کے لئے کوئی استاد موجود نہیں ہے۔ تعلیمی سیشن اپنے عروج پر ہے۔ بقیہ تمام مضامین میں طلبہ اپنے نصاب کا معتد بہ حصہ مکمل کر چکے ہیں۔ مگر ان دو مضامین میں اساتذہ کی عدم موجودگی میں انہیں اپنا مستقبل تاریک نظر آتا ہے۔ جناب سیکریٹری صاحب نے طلبہ کو یقین دہانی کرائی کہ وہ کوئٹہ واپس جا کر پہلی فرصت میں اس مسئلہ کو حل کریں گے۔ انہوں نے طلبہ کو بتایا کہ پبلک سروس کمیشن بلوچستان کی جانب سے کچھ نئے اساتذہ کا تقرر عمل میں لایا گیا ہے۔ ان اساتذہ میں سے تربت کالج کو نئے اساتذہ فراہم کئے جائیں گے۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

حُسنِ ادب کی اہمیت

پروفیسر باقر علی شاکر

بڑوں کا ادب واحترام، اساتذہ وشیوخ کا اکرام وخدمت گزاری اوران کا پاس ولحاظ ہمیشہ سے اکابردین وعلمائے سلف کا امتیازی وصف رہا ہے۔لیکن آج آزادی کے غلط تصور مغرب زدگی اور کیبل کلچر کے اثر سے یہ چیزیں رفتہ رفتہ ختم ہو رہی ہیں۔آج سے چند سال پیشتر مدارس اور درس گاہوں کے طلبہ میں جو شائستگی وتہذیب، متانت وسنجیدگی ادب واحترام پایا جاتا تھا۔آج اس کی جھلک بھی کہیں کہیں مشکل ہی سے نظر آتی ہے۔
ہمارے مذہب نے جس طرح عقائد وعبادات، معاملات اور اخلاق کے بارے میں ہماری رہنمائی کی ہے۔اسی طرح اس نے ہم کو آداب بھی سکھائے ہیں۔نیک روش، اچھے چال چلن، عمدہ طور طریق کی تعلیم بھی دی ہے اور دوسرے امور کے ساتھ ساتھ ادب اور وقار سیکھنے اور سکھانے کی تاکید بھی کی ہے۔آنحضرتؐ نے فرمایا:

''عمدہ روش، اچھے انداز اور میانہ روی نبوت کے پچیس اجزاء میں سے ایک جزو ہے۔یعنی یہ چیزیں انبیاء علیہم السلام کی عادات وفضائل میں سے ہیں۔اسی لئے علمائے دین اتفاق کرتے ہیں کہ ادب ووقار، فضل وحیاء اور حسن سیرت سیکھنا شرعاً وعرفاً مسنون ہے''

حدیث نبویؐ ہے کہ آدمی اپنی اولاد کو ادب سکھائے تو یہ ایک صاع خیرات کرنے سے بہتر ہے۔اسی طرح ایک اور جگہ ارشاد فرمایا ہے:

''کسی باپ نے اپنی اولاد کو عمدہ ادب سے بہتر کوئی عطیہ نہیں دیا''

ایک اور حدیث ہے:

''بیٹے کا ایک حق باپ پر یہ بھی ہے کہ اس کو اچھا ادب سکھائے''

دوسری ایک حدیث میں ارشاد فرمایا گیا ہے:

''علم سیکھو اور علم کے لئے وقار سیکھو اور جس سے استفادہ کرو اس کے لئے تواضع کرو''

حضرت عمر فاروقؓ کا کہنا ہے کہ ادب سیکھو پھر علم سیکھو''

یعنی حضرت عمرؓ کے نزدیک علم سیکھنے کا درجہ دوسرا جبکہ ادب سیکھنے کا درجہ پہلے آتا ہے۔

حضرت علیؓ کا فرمان ہے کہ اپنے اہل واولاد کو آگ سے بچاؤ۔مفسرین اس سے یہ مطلب لیتے ہیں کہ ان کو ادب سکھاؤ اور تعلیم دو امام ابن المبارک نے فرمایا کہ آدمی کسی قسم کے علم سے باعظمت نہیں ہوسکتا جب تک اپنے علم کو ادب سے مزین نہ کرے۔

امام ابن سیرین کے شاگرد حضرت حبیب ابن الشہید اپنے صاحبزادے سے فرمایا کرتے تھے کہ بیٹے فقہاء وعلماء کی مجلسوں میں بیٹھ کر ان سے ادب سیکھو یہ چیز میرے نزدیک بہت ساری احادیث کے جاننے سے زیادہ پسندیدہ ہے۔

ایک مرتبہ حضرت عبداللہ ابن المبارک سفر کر رہے تھے لوگوں نے پوچھا کہاں کا ارادہ ہے؟ فرمایا: بصرہ جارہا ہوں۔لوگوں نے پوچھا کہ

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

اب وہاں کون رہ گیا ہے، جس سے آپ حدیث نہ سن چکے ہوں؟ فرمایا کہ ابن عون کی خدمت میں حاضری کا ارادہ ہے ان کے اخلاق اوران کے آداب سیکھوں گا۔

عبدالرحمٰن بن مہدی فرماتے ہیں کہ ہم بعض علما کی خدمت میں علم حاصل کرنے نہیں جاتے تھے بلکہ صرف اس مقصد سے حاضری دیتے تھے کہ ان کی نیک روش اوران کا طرز وانداز سیکھیں۔

اعمش کہتے ہیں کہ طالب علم استاد سے ہر چیز سیکھتے ہیں حتیٰ کہ اسی کی سی پوشاک اور جوتے پہننا سیکھتے تھے۔

حضرت امام احمد کی مجلس میں پانچ ہزار سے زائد آدمی شریک ہوتے تھے۔ جن میں سے پانچ سو کے قریب آدمی توان سے احادیث سن کر لکھتے تھے اور باقی سب لوگ ان سے حسن ادب اوروقار ومتانت سیکھتے تھے۔

ادب سیکھنے اور سکھانے کی اس اہمیت کو واضح کرنے کے بعد مناسب معلوم ہوتا ہے کہ عالم کا حق اوران کے اجلال واحترام کے احکام بھی ذکر کردیئے جائیں۔

حضرت علیؓ کا قول ہے کہ جس نے مجھے ایک حرف بھی بتادیا میں اس کا غلام ہوں، وہ چاہے مجھے بیچ دے یا آزاد کردے یا غلام بنائے رکھے"

امام زرنوجی نے اسی کو ذکر کرنے کے بعد فرمایا کہ استاد اس لائق ہے کہ ایک حرف کی قدردانی میں اس کو ایک ہزار درہم ہدیہ پیش کیا جائے"

کتاب "شرح الطریقۃ المحمدیۃ" میں ایک حدیث ان الفاظ کے ساتھ مذکور ہے کہ جوکسی کو قرآن کی ایک آیت سکھادے وہ اس کا آقا ہے اس کو کبھی اس کی مدد نہ چھوڑنی چاہیے۔ نہ اس پر کسی کو ترجیح دینی چاہیے" اس کتاب میں یہ بھی مذکور ہے کہ استاد کا حق ادا کرنے میں ماں باپ کا حق ادا کرنے پر مقدم جانا جائے۔

امام خیراخیری نے فرمایا کہ عالم کا حق جاہل پر اوراستاد کا حق شاگرد کے ذمہ یکساں ہی ہے اور وہ یہ ہے:

۱۔ بے علم یا شاگرد، عالم یا استاد سے پہلے بات نہ کرے۔

۲۔ اس کی جگہ پر نہ بیٹھے۔

۳۔ اس کی بات غلط بھی ہو تو رد نہ کرے۔

۴۔ اس کے آگے، آگے نہ چلے۔

کتاب تعلیم المتعلم میں ہے کہ استاد کی تعلیم وتوقیر میں یہ بھی داخل ہے کہ:

۱۔ اس کے پاس مباح گفتگو بھی زیادہ نہ کرے۔

۲۔ جس وقت وہ تھکا ماندہ ہو اس وقت اس سے کوئی سوال نہ کرے۔

۳۔ لوگوں کو مسائل بتانے یا تعلیم دینے کا کوئی وقت اس کے یہاں اگر مقرر ہے تو اس وقت کا انتظار کرے۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

